CYAN MAGENTA YELLOW BLACK

Mujarib wa Mubarak Darood Shrif Title (TaqvitulEman) 21-01-14 {FFP-0133-14}

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ ط

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

# مجرّب اور مُبارک درُود شریف

تقریظ

شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمۃ اللہ علیہ

جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن

جمع و ترتیب

حضرت مولانا حافظ محمّد لیاقت لاہوری عفی عنہ

ماہر علم طب و روحانیات

فاضل دار العلوم کراچی

Designed by Fair Fan

## مکتبہ تقویۃ الایمان کی اہم مطبوعات

ناشر

مکتبہ تقویۃ الایمان

جامع مسجد تقویٰ خانقاہ خلیلیہ مکیہ

فیڈرل بی ایریا بلاک 17 نزد واٹر پمپ چورنگی مین شاہراہِ پاکستان کراچی

Maulana Liaqat Lahori  Rohani Masail

www.hafizliaqatlahori.com

HL HL HL HL

# انتساب

آقائے نامدار، حبیبِ کبریاء جناب محمد رسول اللہ ﷺ

کے نام

جن پر خالق کائنات خود درُود و سلام بھیجتا ہے

اور تمام اہل ایمان کو درُود و سلام بھیجنے کا حکم فرماتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ!

بطفیل مصطفیٰ ﷺ رب العزت نے مجھ بندۂ ناچیز کو

درود شریف کے فضائل و برکات معہ اپنے مشاہدات اس کتابچہ

کے لکھنے کی سعادت عطا فرمائی۔





# تقریظ

شیخ القرآن والتفسیر حضرت مولانا عبدالقادر ڈیروی رحمۃ اللہ علیہ

اللہ رب العزت کا بڑا احسان ہے ہمارے بزرگوں میں سلسلہ رہا ہے کہ عوام کی خدمت اور اصلاح کیلئے ادعیہ ماثورہ کو جمع کرتے رہتے ہیں چنانچہ عزیزم مولوی لیاقت لاہوری حفظہ اللہ فاضل دارالعلوم کراچی کا کتابچہ اسی سلسلے کی کڑی ہے الحمدللہ نظر سے گزرا جو بہت خوب اور عمدہ ہے موصوف کا عملیات سے بھی تعلق ہے ہمارے دیگر علماء نے بھی ان سے استفادہ کیا ہے۔ عزیزم کا عملیات سکھانے کا انداز بھی ماشاء اللہ خوب ہے جو اس پُرفتن دور میں ہمت کا کام ہے۔ اللہ رب العزت ان کی عمر اور عمل میں خوب برکت ڈالے۔ میری علماء وطلبہ سے گزارش ہے کہ وہ مولانا سے اپنے دفاع کیلئے عملیات وغیرہ سیکھیں اور مولانا موصوف کیلئے دعا گو ہوں کہ اللہ جل جلالہٗ ان کی کاوشوں کو مقبول و منظور فرمائے اور عوام النّاس کیلئے نافع بنائے۔ آمین۔

عبدالقادر ڈیروی

15 مارچ 2005ء

# تقریظ

## حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی منظور مینگل صاحب

حمد وتعریف اس ذات کیلئے جس نے آنحضرت ﷺ کے وجود مسعود سے کائنات کو رونق بخشی اور صلوٰۃ وسلام ہو اس ذاتِ اقدس پر جس پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے سے اللہ رب العزت کی دس رحمتیں متوجہ ہوتی ہیں۔

نبی اکرم ﷺ پر درود وسلام بھیجنا قربت خداوندی اور خیر و سعادت حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہے اسی خیر پر ابھارنے کیلئے اللہ رب العزت نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

کہ فعل صلوٰۃ میں مومنین اکیلے نہیں بلکہ خود باری تعالیٰ اور لاتعداد فرشتے بھی اس میں مصروف ہیں۔

آنحضرت ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجنے سے اللہ رب العزت کی طرف سے دس رحمتیں متوجہ ہوتی ہیں۔





بقول علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کے اگر کسی کو اختیار دیا جائے کہ تمام لوگوں کے اعمال تمہیں چاہئیں یا اللہ عزوجل کی طرف سے ایک رحمت، تو عقلمند اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ایک رحمت کو کائنات کے تمام لوگوں کے نیک اعمال پر ترجیح دے گا۔

بعض علماء کے نزدیک آنحضرت ﷺ پر بلاتعین، زمان و مکان درود اور سلام پڑھنا واجب ہے۔ حضرت علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہم (زین العابدین) نے تو کثرت سے درود وسلام پڑھنے کو اہلسنت والجماعت کی علامت میں شمار کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر زمانے میں علماء نے خاص درود وسلام کے بارے میں مستقل تصانیف تحریر فرمائی ہیں اور درود وسلام کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔

فاضل مولوی محمد لیاقت لاہوری نے بھی اس سلسلے میں بڑی عمدہ کاوش کی ہے اور درود شریف کے فضائل بھی تحریر فرمائے ہیں۔ اللہ رب العزت مولوی صاحب کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین

درود شریف کے فوائد سے متعلق ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ محض ذاتی نفع کیلئے ہی نہ پڑھا جائے بلکہ نبی اکرم ﷺ کا حق اپنے اوپر سمجھتے ہوئے درود شریف کا ورد کیا جائے اس سے مطلوبہ فائدہ بھی حاصل ہوگا اور اللہ رب العزت کی بے شمار رحمتیں بھی ملیں گی اگر صرف اپنا مقصد حاصل کرنے کیلئے درود پاک پڑھا جائے تو پھر اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ شاید احادیث میں مذکور اجر کا مستحق نہ ہو۔

اللہ رب العزت ہم سب کو آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی منظور مینگل صاحب
جامعہ فاروقیہ کراچی
1425/1/10ہجری





# تقریظ

## شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا شمس الحق خان رحمۃ اللہ علیہ

حافظ محمد لیاقت لاہوری جو کہ دارالعلوم کراچی کے معروف طالب علم ہیں اور موصوف نے عملیات پر دارالعلوم میں بھی کافی کام کیا ہے اور اب موصوف نے درود شریف پر ماشاء اللہ یہ کتابچہ تحریر کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کتابچہ کو خالص اپنی رضا کیلئے قبول فرمائے اور تمام عالم اسلام کیلئے ذخیرۂ آخرت بنائے اور مولانا موصوف کو اجرِ جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

شمس الحق خان
ناظم تعلیمات
جامعہ دارالعلوم کراچی

## وضاحت

حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ
کی زندگی کی آخری تقریظ۔

حضرت مفتی شامزئیؒ بندہ محمد فاروق لاہوری کے استاد محترم تھے بندہ لاہور سے اساتذہ کرام کی زیارت کیلئے کراچی آیا ہوا تھا اسی اثناء میں حضرت مولانا محمد لیاقت لاہوری صاحب سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے اپنا کتابچہ مجرب اور مبارک درود شریف پر حضرت شامزئیؒ سے تقریظ لکھوانے کی خواہش ظاہر کی تو بندہ کتابچہ کا مسوّدہ لے کر بروز ہفتہ بتاریخ 29 مئی 2004ء اپنے استاد محترم حضرت شامزئیؒ کی زیارت کیلئے اپنے مادر علمی جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن پہنچا تو حضرت شامزئیؒ درس ترمذی شریف سے فارغ ہوکر تخصص فی الفقہ کی درس گاہ میں تشریف لائے تو بندہ کو ملاقات کا شرف حاصل ہوا اور بندہ نے کتابچہ تقریظ کیلئے پیش کیا۔ حضرت نے کتابچہ پر سرسری سی نظر ڈالی اور مفتی رفیق احمد





بالاکوٹی صاحب سے تقریظ تحریر فرمانے کیلئے کہا چنانچہ مفتی صاحب نے ہفتہ کے دن ہی تقریظ تحریر فرمادی۔ اتوار کے دن صبح حضرت درس حدیث شریف کیلئے تشریف لاتے ہوئے اسلام دشمن دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہوگئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ o

بندہ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے استاد محترم مفتی شامزئیؒ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور حضرت کی قبر کو نور سے بھر دے۔ (آمین) دعا گو: بندہ محمد فاروق لاہوری

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

موجودہ دور میں امت مسلمہ کو جہاں بے شمار عالمی مسائل درپیش ہیں وہاں ذاتی اور روحانی طور پر بھی گوناں گوں مشکلات، پریشانیاں اور تکالیف کا سامنا ہے۔ ان عوارض سے

نجات کیلئے مادی وسائل کا استعمال اور تجربہ جب ناکام ہوجاتا ہے تو ہر مسلمان روحانی علاج کا سہارا لیتا ہے۔ مسلمانوں کی اس پریشانی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بعض ایسے خدا ناترس لوگ بھی روحانی معالج بن کر میدان عمل میں اتر آئے ہیں جو بذاتِ خود روحانیت دینداری بلکہ بسا اوقات ضروریات کی پہچان سے بھی محروم ہوتے ہیں۔ یہ طبقہ روحانیت کے نام پر پریشان حال مسلمانوں کو لوٹنے پر کمر بستہ ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ بعض تو اپنے عمل کو پُر تاثیر ظاہر کرنے کیلئے غیر شرعی اور حرام طریقہ ہائے کار کو اپنانے میں بھی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے۔

ایسی صورت حال میں اس بات کی ضرورت ہے کہ خدا، رسول، شریعت اور قبر و قیامت پر ایمان رکھنے والا معتدین طبقہ امت مسلمہ کو معتدین روحانی معالج اور عامل لوگوں کی ایک جماعت مہیا کرے جو پریشان حال مسلمانوں کی دستگیری کے علاوہ مسلمانوں کو جعلی اور بے دین عاملوں سے بچائیں اور انہیں ماثور و منقول طریقوں سے روحانی علاج کے (موافق





شرع) مواقع فراہم کریں۔

زیر نظر مجموعہ (کتابچہ) جسے جامعہ دار العلوم کراچی کے ایک فاضل حافظ مولوی محمد لیاقت صاحب نے ترتیب دیا ہے، اسی نیک مقصد کی ایک کڑی ہے۔ مولوی صاحب موصوف نے اس کتابچہ میں ''مجرب اور مبارک درود شریف'' کے نام سے درود شریف کے مختلف الفاظ جو مختلف مواقع کیلئے بطور ورد، وظیفہ اور عمل منقول ہیں انہیں جمع فرمایا ہے۔ عدیم الفرصتی کے باعث پورے کتابچہ کا مطالعہ تو نہیں کر سکا۔ البتہ بعض مقامات کو سرسری نظر دیکھا اور مناسب پایا نیز دو مقتدر علماء حضرت مولانا شمس الحق رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب کی تقریظ و تصدیق پر اعتماد کرتے ہوئے میں بھی یہ سطور رقم کر رہا ہوں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولوی صاحب موصوف کی اس کوشش کو منظور و مقبول فرمائے اور اس سعی جمیل کو ان کیلئے ذریعہ نجات بنائے اور قارئین کو بھرپور فائدہ پہنچائے نیز قارئین گرامی کو

اس بات کی تلقین کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ درود شریف کو محض وظیفہ کی حیثیت سے پڑھنے کی بجائے آنحضرت ﷺ پر درود شریف بھیجنے کی نیت بھی رکھیں اس طرح دہرے فوائد حاصل ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ہر ہر عمل میں اپنی رضا اور خوشنودی سے نوازے۔آمین۔ فقط والسلام

حسب ارشاد حضرت اقدس مفتی شامزئی شہید رحمۃ اللہ علیہ

بقلم

بندہ رفیق احمد بالاکوٹی

خادم حضرت مفتی صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ





# مجھے ایک بار ضرور پڑھیئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (ال عمران، آیت 31)

اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو میری تابعداری کرو، پس پھر اللہ تعالیٰ تم سے محبت فرمائیں گے اور تمھارے گناہ معاف فرمائیں گے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کے نقش قدم پر چلنے سے ایک تو اللہ تعالیٰ محبت فرمائیں گے دوسرے یہ کہ گناہ معاف فرمادیں گے۔ بندے کو اور کیا چاہیئے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے میری سنت سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی، جس نے مجھ سے محبت کی وہ میرے ساتھ جنت میں جائے گا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو رسول اللہ ﷺ کی سنت سے محبت

نصیب فرمائے۔

اللہ تعالیٰ کے جوخوش قسمت بندے اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اپنے مقصدِ حیات یعنی عبادت میں خصوصی کوشش کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے میں لگے رہتے ہیں ان کیلئے سب سے زیادہ آسان عمل درود شریف کی کثرت ہے لہذا وہ لوگ رسول اللہ ﷺ پر ہر وقت اُٹھتے بیٹھتے درود شریف کو اپنا معمول بنالیں اس لئے کہ جب تک انسان کے دل میں رسول اللہ ﷺ کی محبت پیدا نہیں ہوگی وہ اپنی زندگی کو سنت کے مطابق نہیں گزار پائے گا اور محبت کا دوسرا نام ہے غیرت۔ غیرت یہ ہے کہ کوئی بھی غیرت مند شخص یہ بات ہرگز گوارا نہیں کرے گا کہ اس کی ماں، بیٹی، بہن یا بیوی وغیرہ پر کوئی بُری نظر ڈالے اگر کوئی ایسا کرے گا تو غیرمند اس کی آنکھیں نکال دے گا۔

اب یہ کیا چیز تھی جس نے اس کو غصہ دلایا وہ اس شخص کی غیرت تھی جو ماں، بہن، بیوی یا بیٹی سے محبت کی وجہ سے تھی۔ یہی چیز صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اندر موجود تھی کہ





تمام رشتوں تمام چیزوں کو اللہ کے رسول ﷺ پر قربان کر دکھایا اور حدیث شریف کا مفہوم بھی یہی ہے کہ مومن مسلمان کامل اس وقت تک نہیں بن سکتا جب تک کہ اپنے تمام رشتوں اولاد، ماں، باپ، بھائی، بہن اور مال واسباب سے بڑھ کر حضرت رسول اللہ ﷺ سے محبت نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے نبی کی ایسی ہی محبت عطا فرمائے جیسا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دلوں میں تھی اور یہ محبت پیدا ہوگی اللہ تعالیٰ کی رحمت کو اپنی طرف متوجہ کرنے سے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوگی کثرتِ درود شریف سے۔ اس کا تجربہ ہمارے اکابر حضرات نے بہت کیا ہے کہ جتنا انسان زیادہ پڑھتا ہے اتنا ہی اس شخص کا سنتوں پر چلنا آسان ہوجاتا ہے اور اس کے دل میں ہر وقت حضور اکرم ﷺ کی سنتوں سے محبت پیدا ہوجاتی ہے اور ہر وقت یہی خواہش رہتی ہے کہ میں آپ کی ہر ہر سُنت پر عمل کرنے والا بن جاؤں اور اللہ کے رسول ﷺ کے تمام طریقوں سے اس شخص کو محبت ہوجاتی ہے۔ میرے مشاہدے

میں یہ بات آئی ہے کہ جس نے بھی درود شریف کو اپنا معمول بنایا کم از کم ہزار مرتبہ تو اس شخص پر اللہ تعالیٰ نے اس کی زندگی آسان بنادی کہ اس کے تمام کام اللہ تعالیٰ کر رہا ہے۔ رزق کی اس پر خوب فراوانی ہے۔ اس کی اولاد اس کے تابع ہے اور اس سے دین کے کام اللہ تعالیٰ لے رہا ہے۔ اس کے علاوہ لوگوں میں وہ شخص محبوب بن جاتا ہے۔ یہ سب چیزیں اس لئے ہیں کہ جو شخص کم از کم ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے تو یقیناً اللہ رب العزت کی دس ہزار رحمتیں اس شخص پر نازل ہوتی ہیں اور جس پر اللہ تعالیٰ کی دس ہزار رحمتیں متوجہ ہوں اُسے کون گمراہ کرسکتا ہے۔ ایسا شخص یقیناً دنیا میں مقبول و محبوب ہے اور آخرت میں بھی مقبول و محبوب ہوگا اس لئے کہ حدیث مبارک میں ہے کہ جس نے جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا تو اللہ تعالیٰ اس کو دنیا ہی میں خواب کے ذریعہ جنت میں اسکا مقام دکھا دیتے ہیں اور یہ بات ظاہر ہے کہ اس شخص کو ہی اس کا محل جنت میں دکھایا جائے گا جس کو جنت





میں جانا ہوگا اور اس کا خاتمہ بھی یقیناً ایمان پر ہی ہوگا۔ آج اس دنیا میں کسی کو نہیں معلوم کہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا یا نہیں مگر قربان جاؤں اس ذات پر کہ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے والے کو رسول اللہ ﷺ نے دنیا ہی میں جنت کی بشارت عظمیٰ دے دی ہے کہ تم جنتی ہو یہ کتنی بڑی بات ہے کہ جس بات کی خوشخبری آپ ﷺ دے رہے ہوں اس سے دنیا کا کوئی شخص انکار نہیں کرسکتا میرے دوستو اور مسلمان بھائیو! ہزار مرتبہ درود شریف کوئی زیادہ دیر میں نہیں پڑھا جاتا بلکہ آسان سا طریقہ یہ ہے کہ میں نے اس کتاب میں بہت سے درود شریف دیئے ہیں ان میں سے آپ کو جو بھی آسان لگے اس کا معمول بنالیں اس طرح سے کہ جب آپ نماز پڑھنے جائیں تو باوضو ہوکر گھر یا دفتر سے نکلیں راستے میں بات بالکل نہ کریں اور درود شریف پڑھتے ہوئے جائیں انشاءاللہ تعالیٰ تین چار منٹ میں 100 مرتبہ آپ بآسانی پڑھ لیں گے۔ اسی طرح واپس آتے ہوئے 100 مرتبہ پڑھ لیں تو ایک نماز میں 200 مرتبہ درود

شریف ہوگیا یعنی 5 نمازوں میں 1000 مرتبہ ہوگیا۔ یہ معمول آپ صرف 40 دن تک بنائیں تو انشاء اللہ آپ کی زندگی میں حیرت انگیز انقلاب آجائے گا۔ آپ کا ہر کام سنت کے مطابق ہوگا۔ آپ کی ہر بات، آپ کا اٹھنا بیٹھنا سنت کے مطابق ہوجائے گا اور جب آپ کی زندگی میں یہ تمام آجائیں تو آپ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو بھی اس چیز پر لگادیں۔

حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ میرے جس امتی نے کسی سنت کو چالیس لوگوں تک پہنچایا یا کسی حدیث کو چالیس افراد تک پہنچایا تو ایسے شخص کو علماء کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ ہم تمام مسلمانوں کو اس حدیث پر عمل کرنے والا بنائے اور تمام مسلمانوں کے دلوں میں حضور اکرم ﷺ کی تمام سنتوں کی محبت عطا فرمائے اور مکمل دین پر چلنے والا بنائے اور اس کتابچہ کو تمام مسلمانوں کیلئے نافع بنائے۔ (آمین) آخر میں اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ سب مسلمانوں کو آپ ﷺ کی ہر ہر سنت پر عمل کرنے کی





توفیق نصیب ہو۔ دل و جان سے رب کائنات کی بارگاہِ اقدس میں التجا ہے کہ ذات کریم اس درود شریف کے مجموعہ کو عام مقبولیت عطا فرما کر اپنی رحمتِ واسعہ اور مغفرتِ کاملہ کا ذریعہ بنائیں اور محبوبِ کبریا ﷺ کی خوشنودی اور شفاعت کا باعث بنائے اور جن ساتھیوں اور دوستوں نے اس کتاب کو لکھنے اور شائع کرنے میں کسی طرح بھی کوشش کی ہے اللہ رب العزت ان سب کو دنیا و آخرت میں کامیابی کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

آخر میں عرض کرتا چلوں کہ اس کتابچہ کے اختتام پر حوالہ جات بھی لکھ دیئے ہیں ملاحظہ فرمالیں۔ میں نے اکثر درود شریف حضرت علامہ مخدوم ہاشم سندھی رحمۃ اللہ علیہ کا درود و سلام پر مشتمل فارسی رسالہ ''ذریعۃ الوصول الیٰ جناب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم'' جس کا اردو ترجمہ شہیدِ اسلام حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے اسی سے لئے ہیں۔

دُعا ہے اللہ تعالیٰ شہیدِ اسلام کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

حافظ محمد لیاقت لاہوری

## صلوٰۃ وسلام کی عظمت واہمیت

صلوٰۃ وسلام دراصل اللہ تعالیٰ کے حضور میں کی جانے والی بہت اعلیٰ واشرف درجہ کی ایک دعا ہے۔

جو رسول اللہ ﷺ کی ذات پاک سے اپنی ایمانی وابستگی اور وفاکشی کیلئے آپ کے حق میں کی جاتی ہے اور اس کا حکم بندوں کو خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن پاک میں دیا گیا ہے۔ ارشاد فرمایا گیا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

(سورۃ احزاب)

یوں تو قرآن پاک کی آیات میں نماز، روزہ، حج وغیرہ کے احکامات انبیاء کرام کی توصیفیں وتعریفیں حتیٰ کہ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرما کر ان کو تمام فرشتوں سے سجدہ کرانا وغیرہ بہت کچھ مذکور ہے لیکن مذکورہ بالا آیت مبارکہ میں جس شاندار تمہید اور جس اہتمام کے ساتھ اہل ایمان کو صلوٰۃ وسلام کا حکم دیا گیا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی کتنی





اہمیت اور عظمت ہے کیونکہ مذکورہ بالا آیت کا اسلوبِ بیان نہایت عجیب ہے وہ یہ کہ اس آیت کے ابتداء میں یہ نہیں فرمایا کہ تم درود بھیجو بلکہ آیت کے پہلے حصے میں اوّلاً یہ فرمایا کہ اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں پھر آیت کے دوسرے حصے میں یہ فرمایا کہ تم بھی اُن پر درود وسلام بھیجا کرو۔

اس اندازِ بیان سے دو باتوں کی طرف اشارہ کر دیا ایک یہ کہ حضور ﷺ کو تمہارے درود کی ضرورت نہیں اس لئے کہ ان پر پہلے ہی سے اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیج رہے ہیں لیکن اگر تم اپنی بھلائی اور خیر چاہتے ہو تو تم بھی نبی کریم ﷺ پر درود بھیجو۔ دوسرے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ یہ درود شریف بھیجنے کا جو عمل ہے اس عمل کی شان نرالی ہے مثلاً نماز ہے بندہ پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ نماز نہیں پڑھتے، روزہ بندہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ روزہ نہیں رکھتے، زکوٰۃ یا حج وغیرہ جتنی عبادتیں ہیں ان میں سے کوئی عمل ایسا نہیں جس میں بندہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ شریک ہوں لیکن درود شریف ایک ایسا مبارک عمل ہے

جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا یہ عمل میں پہلے سے کر رہا ہوں اگر تم بھی کرو گے تو تم بھی ہمارے ساتھ اس عمل میں شریک ہو جاؤ گے۔ ''اللہ اکبر'' کتنی اہمیت ہے اس عمل کی کہ بندہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھی اس عمل میں شریک ہو رہے ہیں۔

حضور اقدس ﷺ کی ذات مقدس تمام بنی نوع انسانوں کیلئے اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا انعام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو دونوں جہانوں کیلئے رحمت للعالمین بنا کر بھیجا، جنہوں نے بھٹکی ہوئی انسانیت کو نجات و ہدایت کا ایک ایسا روشن راستہ دکھایا جو رہتی دنیا تک ہر زمانے اور ہر دور کی تمام ضروریات پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس لئے کہ اس کائنات میں ایک مومن کا سب سے بڑا محسن نبی کریم ﷺ کے سوا کوئی نہیں ہو سکتا آپ ﷺ کے جتنے احسانات اس امت پر ہیں اتنے کسی کے بھی نہیں ہیں خود حضور اقدس ﷺ کا یہ حال تھا کہ اپنی امت کی فکر میں دن رات گھلتے رہتے تھے کہ میری امت



مجرب اور مُبارک دُرُود شریف

کسی طریقے سے جہنم کے عذاب سے بچ جائے اور اللہ تعالیٰ کی رضا اس کو حاصل ہو جائے۔

ہر سچے مومن اور مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اپنے محسن اعظم کے احسان عظیم کا بدلہ اور شکریہ ادا کرنے کیلئے ایسا طریقہ اختیار کرے جو اللہ تعالیٰ کے پاس مقبول اور پسندیدہ ہو چونکہ ہم اپنے محسن حضور اقدس ﷺ کے احسانات کا بدلہ چکانے سے عاجز تھے خداوند تعالیٰ نے ہمارا یہ عجز دیکھ کر ہمیں ایک آسان اور بہترین طریقہ سکھایا کہ ہم حضور اقدس ﷺ پر کثرت سے درود و سلام بھیجیں جو دعا بھی ہے دوا بھی ہے سلام بھی ہے ہدیہ بھی ہے شکریہ بھی ہے اور اظہار محبت بھی۔

اب یہ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے ختم المرسلین رحمتہ للعالمین نبی الحرمین ﷺ پر زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھتا رہے یہ محض احسان مندی کا اظہار نہیں بلکہ عبادت کا درجہ بھی رکھتا ہے۔ درود شریف ایک ایسا پاکیزہ اور نیک عمل ہے جو انسان کو اس کی نسبت سطحی سے بلند کر کے غیر

معمولی رفعتوں اور عظمتوں تک آسانی سے پہنچا دیتا ہے لاکھوں وظیفے اور نفل عبادات ایک طرف اور صرف درود شریف دوسری طرف اگر خالص محبت سے پڑھا جائے تو آن کی آن میں انسان کو عجیب و غریب روحانی بلندیوں کے چھونے کے قابل بنا دیتا ہے۔

درود میں سب سے زیادہ عجیب اور اہم راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خود بھی درود پڑھتا ہے اور بندے بھی درود پڑھتے ہیں اور یہ ہی ایک ایسا عمل ہے جو خدا بھی کرتا ہے اور انسان بھی۔ یعنی خداوند تعالیٰ کے ساتھ ہاں میں ہاں ملانا ہے۔ کیا عجیب شرف ملتا ہے محبت کو

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

خدائے قدوس بذاتِ خود فرشتوں کے ساتھ اپنی شان اور عظمت بے نہایت کے باوجود حضور نبی کریم ﷺ کی فضیلت اور محبت بیان فرماتا ہے اور جب سارا عالمِ ملکوت حضور نبی





کریم ﷺ کی تعریف و توصیف سے گونجتا رہتا ہے تو عالمِ ناسوت کو بھی دولت ایمان سے سرفراز کرنے روحانیت سے مالا مال کرنے اور محبت محمدی پیدا کرنے کا حکم دیا گیا تا کہ وہ بھی درود و سلام کے زمزموں سے اپنی ناسوتی فضا کو معطر و معمور کریں۔

اللہ تعالیٰ نے اس مادی دنیا میں جیسے پھولوں پھلوں کو الگ الگ رنگت اور خوشبو دی ہے لیکن سب پھولوں کا سردار گلاب ہے اور سب پھلوں کا سردار آم ہے ایسے ہی درود شریف کی عبادت کو خاص امتیاز حاصل ہے اور یہ بھی عبادت کا تاج ہے۔

کیوں نہ عبادت کا تاج ہو اس لئے کہ یہ ایک قطعی امر ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ہمیشہ درود بھیجتے رہتے ہیں نبی ﷺ پر۔ یہ درود بھیجنے کا سلسلہ ہر آن، ہر ساعت اور ہر لحہ جاری و ساری ہے اس میں کوئی وقفہ، کوئی ٹھیراؤ اور کوئی تعطل نہیں اس میں دن رات اور وقت کا کوئی تعین نہیں، روزِ قیامت جب تمام کائنات کی ہر شئے فنا ہو جائے گی لیکن نبی

کریم ﷺ پر درود وسلام جاری رہے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہیں اور وہ خود نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔

صاحبِ روح البیان لکھتے ہیں کہ یہ اعزاز واکرام جو حضور نبی کریم ﷺ کو اللہ نے عطا فرمایا ہے یہ اعزاز اُس اعزاز سے بہت بڑا ہے جو حضرت آدم علیہ السلام کو فرشتوں سے سجدہ کروا کر عطا فرمایا تھا اس لئے کہ حضور ﷺ کے اعزاز میں خود اللہ بھی شریک ہیں بخلاف حضرت آدم علیہ السلام کے کہ انکے اعزاز میں صرف فرشتوں کو حکم فرمایا۔ (سبحان اللہ)

## سو مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فضیلت

مستدرک حاکم کی روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے خدائے پاک اس پر سو رحمتیں نازل فرماتے ہیں اور جو مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھتا ہے خدائے پاک اس کی پیشانی پر

**بَرَاءَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ**

نفاق اور جہنم سے براءت لکھ دیتے ہیں اور قیامت کے دن اس





کو شہداء کے ساتھ رکھیں گے۔ (القول البدیع ص 99)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جو سو مرتبہ درود پڑھے گا اس کی سو ضرورتیں پوری ہونگی۔ (القول ص 123)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو فجر کی نماز کے بعد گفتگو سے پہلے اسی طرح مغرب کے بعد گفتگو سے پہلے سو مرتبہ درود پڑھے گا تو اس کی سو حاجتیں پوری کردی جائیں گی 30 کا تعلق دنیا سے ہوگا اور 70 کو آخرت کیلئے ذخیرہ بنا کر رکھ دیا جائے گا۔ (جلاء الافہام ص 239)

## ہر دن سو مرتبہ درود شریف کی فضیلت

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر دن مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھے گا اس کی سو حاجتیں پوری ہوں گی۔ 70 آخرت سے متعلق 30 دنیا سے متعلق۔ (جلاء الافہام ص 340)

ابو غسان مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ جو شخص رسول ﷺ پر ہر دن ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے گا اس نے گویا کہ سارا

دن ساری رات عبادت کی۔(القول ص124)

## ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فضیلت

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جوشخص مجھ پر ہر دن ایک ہزار مرتبہ درود پڑھے گا اس وقت تک نہ مرے گا جب تک کہ جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے گا۔ (الترغیب جلد2ص501،القول البدیع ص121)

فائدہ:حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو آدمی ہزار مرتبہ درود پاک پڑھنے کا معمول بنالے اس آدمی کی کل خراب نہ ہوگی، مراد یہ ہے کہ اس کی اولاد نافرمان نہ ہوگی۔

میرے دوستو! آج جہاں پر ہم اور پریشانیوں کے اندر گھرے ہوئے ہیں اُن پریشانیوں میں سے سب سے بڑی پریشانی اولاد کی پریشانی ہے۔بندہ کے پاس بہت سے حضرات وخواتین یہ شکایت لے کرآتے ہیں کہ حضرت کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ اولاد فرمانبردار بن جائے۔ہم اولاد کی وجہ سے بہت





پریشان ہیں ، اولاد نافرمان ہے،کوئی بات نہیں مانتے، ہر کام اپنی مرضی سے کرتے ہیں تو بندہ انکو درود شریف ہزار مرتبہ پڑھنے کو دیتا ہے کہ اولاد کے ذہن کا تصور رکھ کر پڑھیں اور اللہ سے یہ دعا کریں کہ یا اللہ درود شریف پڑھنے پر جو آپ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں اُن رحمتوں کے سبب ہماری اولاد کو نیک اور فرمانبردار بنادے۔

الحمدللہ بہت سے لوگوں نے آکر بتایا کہ حضرت جب سے ہم نے ہزار مرتبہ درود پاک پڑھنے کا معمول بنایا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ نے درود پاک کی برکت سے ہماری اولاد کو ہمارا فرمانبردار بنادیا ہے۔

میرے دوستو! ہم لوگ دنیا کے ہر کام کے واسطے وقت نکالتے ہیں۔ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے پر صرف آدھا گھنٹہ لگتا ہے اور فوائد بے شمار حاصل ہوتے ہیں اگر کوئی آدمی مختصر درود شریف پڑھنا چاہے تو صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ یا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ہی پڑھ لے۔

## تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فضیلت

جو آدمی روزانہ تین ہزار مرتبہ درود پاک پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے تو بندہ کے تجربات میں سے ہے کہ ① اللہ تبارک وتعالیٰ اس پر رزق کی فراخی کردیتے ہیں ② تین ہزار مرتبہ درود شریف کی برکت سے اس کے دشمن اس پر کبھی بھی غالب نہیں آسکتے ③ اور وہ شخص زندگی میں کبھی بھی کسی کا محتاج نہ ہوگا اللہ تبارک وتعالیٰ کی مدد اور نصرت شاملِ حال ہوجاتی ہے ④ اور اچانک کوئی حادثہ پیش نہ آئے گا۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جہاں پر کثرت سے درود شریف پڑھنے کا ذکر آیا ہے اُس کثرت سے مراد تین ہزار پڑھنا ہے۔

الحمدللہ بندہ نے جن کو بھی تین ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کو دیا ہے تو اللہ نے تین ہزار بار پڑھنے کی برکت سے انکے تمام معاملات درست کردیئے ہیں اور جو آدمی تین ہزار سے بھی زائد پڑھنے کا معمول بنالے مثلاً دس ہزار تو اللہ پاک





اس کو ہر رنج وغم سے بے پرواہ کردیتے ہیں۔ اُس کے ہر کام کو اللہ اپنے ذمہ لے لیتے ہیں۔ اللہ سے دُعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو کثرت سے درود شریف پڑھنے والا بنائے۔

## درود شریف کی امتیازی اہمیت

اس مادی دنیا میں جس طرح مختلف غذاؤں، پھلوں اور پھولوں میں الگ الگ رنگتیں، خوشبوئیں اور لذتیں حق تعالیٰ شانہ نے رکھی ہیں اسی طرح مختلف عبادات، اذکار اور دعوات کے الگ الگ خواص، برکات اور انوار ہیں۔ خلوص نیت سے درود شریف کی کثرت کرنے کا عمل اتباعِ سنت کی توفیق اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روحانی قرب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی شفقت و عنایت حاصل ہونے کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔ آگے درج ہونے والی بعض احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ امتی کا درود شریف اس کے نام اور ولدیت کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچایا جاتا ہے اور اس کے لئے فرشتوں کا ایک پورا عملہ موجود ہے۔

## درود شریف کے فضائل

درود شریف کے بے شمار فضائل ہیں لیکن یہاں برکت کیلئے چند فضائل بیان کئے جا رہے ہیں۔

### مرنے سے قبل دیدار جنت

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر دن بھر میں ہزار بار درود پڑھا وہ مرے گا نہیں جب تک کہ وہ جنت میں اپنی آرام گاہ (رہائش) نہ دیکھ لے گا۔

(القول البدیع ص126، الترغیب والترہیب ص501)

### درود شریف پڑھنے پر نفاق سے بری

حضور ﷺ نے فرمایا جو مجھ پر درود پاک پڑھے تو درود پاک اس کا دل نفاق سے یوں پاک کر دیتا ہے جیسے پانی کپڑے کو پاک کر دیتا ہے۔ (کشف الغمہ ص271، جلد2)





### غلام آزاد کرنے کے برابر اجر

حضور ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ پر دس بار درود وسلام پڑھا گویا اس نے غلام آزاد کیا۔

### درود شریف پڑھنے والے کیلئے تمام مخلوق کا استغفار

حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص بھی مجھ پر درود شریف بھیجتا ہے وہ درود بہت جلدی سے اس کے منہ سے نکل کر دریاؤں اور جنگلوں اور مشرق و مغرب سے گزرتا ہوا کہتا ہے کہ میں فلاں بن فلاں کا درود ہوں کہ اس نے محمد ﷺ پر بھیجا ہے۔ پس یہ بات سنتے ہی تمام مخلوق اس پر درود بھیجنا اور اس کیلئے رحمت طلب کرنا شروع کر دیتی ہے۔

### درود شریف پڑھنے کے سبب اگلے پچھلے گناہ معاف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب دو دوست آپس میں ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں اور حضور ﷺ پر درود پاک پڑھتے ہیں تو جدا ہونے سے پہلے پہلے دونوں کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

## درود شریف پڑھنے پر صدقہ کا ثواب

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کے پاس صدقہ خیرات کرنے کیلئے مال نہ ہواس کو چاہیے کہ اپنی دعا میں یہ درود پڑھا کرے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

ارشاد فرمایا کہ یہ درود شریف اس کیلئے صدقہ خیرات کے قائم مقام ہو جائیگا۔ (ابن حبان فی صحیحہ از القول البدیع)

## درود شریف کا پڑھنا باطن کی طہارت ہے

حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر درود پاک پڑھو کیونکہ مجھ پر درود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کا کفارہ ہے اور تمہارے باطن کی طہارت ہے جو مجھ پر ایک بار درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔





## درود شریف کے سبب قیامت کی سختی پیاس سے حفاظت

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا اے موسیٰ کیا تم قیامت کے دن کی شدت پیاس سے محفوظ رہنا چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا ہاں اے اللہ، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا محمد ﷺ پر کثرت سے درود پڑھا کرو۔ (القول البدیع ص119)

## درود شریف کا پڑھنا دل کے سکون کا ذریعہ ہے

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ گھر سے برآمد ہوئے اور ایک نخلستان کے اندر پہنچے وہاں پہنچ کر آپ ﷺ نے سجدہ کیا اور اتنا طویل سجدہ کیا کہ مجھے اندیشہ ہو گیا کہ کہیں حضور ﷺ کی وفات نہ ہوگئی ہو۔ میں دیکھنے کیلئے قریب گیا تو آپ ﷺ نے سر اٹھا کر فرمایا: کیا بات ہے؟ میں نے اپنا اندیشہ بیان کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل نے آکر مجھ سے کہا تھا: کیا میں آپ کو خوشخبری نہ سناؤں کہ اللہ نے آپ کے اعزاز کیلئے فرمایا ہے کہ جو شخص

آپ ﷺ پر درود پڑھے گا میں اس پر رحمت نازل کرونگا اور جو آپ ﷺ پر سلام پڑھے گا میں اس کو سلامتی عطا کرونگا۔
(رواہ احمد)

## درود شریف کے سبب موت کے وقت انوکھا انعام

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی زندگی میں مجھ پر درود پاک زیادہ پڑھا اس کی موت کے وقت اللہ تعالیٰ ساری مخلوقات کو فرمائے گا کہ اس بندے کیلئے استغفار کرو، بخشش کی دعا کرو۔ (نزہۃ المجالس ص110، ج1)

## درود شریف کا ثواب احد پہاڑ کے برابر

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر درود پڑھے گا خدا اسے قیراط کے برابر ثواب دے گا۔ (قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے)
(مسند عبدالرزاق، القول البدیع ص113)





## درود شریف کی برکت سے شہداء کے ساتھ معاملہ

آپ ﷺ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا خدائے پاک اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور جو مجھ پر دس مرتبہ پڑھے گا خدائے پاک اس پر سو رحمتیں نازل فرمائے گا اور جو مجھ پر سو مرتبہ درود پڑھے گا خدائے پاک اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''نفاق اور جہنم'' سے برأت لکھ دے گا اور اسے قیامت میں ''شہدائے کرام'' کے ساتھ رکھے گا۔ (طبرانی، القول البدیع ص99)

## درود شریف نہ پڑھنے والا رحمت سے محروم

حضور ﷺ کا ارشاد ہے بے شک اللہ تعالیٰ اس بندے پر نظرِ رحمت فرماتا ہے جو مجھ پر درود پاک پڑھے اور جس پر اللہ تعالیٰ رحمت کی نظر کرے اسے کبھی بھی عذاب نہ دے گا۔

## دس خطائیں معاف، دس درجے بلند

حضور ﷺ نے فرمایا جو ایک بار مجھ پہ درود بھیجے گا۔ اللہ تعالیٰ

اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور دس خطائیں ساقط کر دے گا اور دس درجے بلند کرے گا۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو بندہ مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے۔ (مسلم)

حضرت ابو بردہ بن نبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میرا جو امتی مجھ پر خلوص دل سے درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجتا ہے اور اس کے صلے میں دس درجے بلند کرتا ہے اور اس کے حساب میں دس نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے دس گناہ محو یعنی مٹا دیتا ہے۔ (سنن نسائی)

## قیامت کے دن شفاعت

حضور ﷺ نے فرمایا جو صبح و شام مجھ پر دس مرتبہ درود شرف پڑھے گا وہ قیامت کے دن میری شفاعت پائے گا۔

(طبرانی، مجمع الزوائد)



مجرب اور مُبارک دُرود شریف

## ملائکہ کے ذریعہ حضور ﷺ تک دُرود پہنچتا ہے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو دنیا میں چکر لگاتے رہتے ہیں اور میرے امتیوں کا درود و سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔ (سنن نسائی، مسند احمد)

طبرانی نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ صلوٰۃ و سلام پہنچانے والا فرشتہ بھیجنے والے امتی کا نام اس کی ولدیت کے ساتھ ذکر کرتا ہے یعنی حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کرتا ہے یا محمد صلی اللہ علیک فلاں بن فلاں کتنی خوش قسمتی ہے اور کتنا ارزاں سودا ہے کہ جو امتی اخلاص کے ساتھ صلوٰۃ و سلام عرض کرتا ہے وہ حضور رسالتمآب ﷺ کی خدمت میں اس کے نام اور ولدیت کے ساتھ فرشتے کے ذریعہ پہنچتا ہے اور اس طرح آپ کی بارگاہِ عالی میں اس بے چارے مسکین امتی اور اس کے باپ کا ذکر بھی آ جاتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے

سُنا کہ تم اپنے گھروں کو قبریں نہ بنانا اور میری قبر کو میلہ نہ بنانا۔ ہاں مجھ پر درود بھیجا کرنا تم جہاں بھی ہو گے تمہارا درود مجھے پہنچے گا۔ (سنن نسائی)

## درُود شریف دُعا کی قبولیت کا وسیلہ ہے

حضرت عمر بن خطاب ﷛ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا دعا زمین و آسمان کے درمیان ہی رُکی رہتی ہے اور اوپر نہیں جاتی جب تک نبی پاک ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے۔ (ترمذی)

## آپ ﷺ کے ذکر کے وقت بھی درود شریف سے غفلت پر محرومی اور ہلاکت

① حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ذلیل و خوار ہو وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ اس وقت مجھ پر درود نہ بھیجے۔ (ترمذی)

② حضرت علی المرتضٰی ﷛ سے روایت ہے کہ رسول





اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اصل بخیل اور کنجوس وہ آدمی ہے جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ (ذرا سی زبان ہلا کر) مجھ پر درود نہ بھیجے۔ (جامع ترمذی)

③ ایک حدیث میں امام الانبیاء ﷺ کے منبر پر چڑھتے وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام کی تین بددعائیں آئی ہیں اور خود شفیع المذنبین حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جب میں دوسرے منبر پر چڑھا تو جبرئیل علیہ السلام نے کہا ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا ذکر ہوا اور وہ آپ ﷺ پر درود نہ بھیجے میں نے کہا آمین۔

(ف) اوّل جبرئیل علیہ السلام جیسے مقرب فرشتے کی بددعا ہی کیا کم تھی پھر اللہ جل شانہٗ کے حبیب ﷺ کی آمین نے جتنی سخت بدُعا بنادی وہ ظاہر ہے۔

## درود شریف کی برکتیں

درود شریف کی دین و دنیا اور آخرت میں بے شمار برکتیں ہیں لیکن یہاں بطور تبرک کے چند ایک برکتیں ذکر کی جا رہی ہیں۔

### درود پاک کی برکت سے دین و دنیا کی حاجتوں کا پورا ہونا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر دن میں سو مرتبہ درود پڑھے گا اللہ پاک اسکی سو حاجتیں پوری کرے گا۔ ستر آخرت سے متعلق اور تیس دنیا سے متعلق۔ (القول البدیع ص123)

### درود پاک کی برکت سے کڑوے پھول میٹھے ہو گئے

ایک دن حضور نبی کریم ﷺ اسلامی لشکر کے ساتھ جہاد کیلئے تشریف لے جا رہے تھے راستہ میں ایک جگہ پڑاؤ کیا اور حکم دیا کہ یہیں پر جو کچھ کھانا ہے کھالو جب کھانا کھانے لگے تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ روٹی کے ساتھ سالن نہیں





ہے پھر صحابہ رضی اللہ عنہم نے دیکھا کہ ایک شہد کی مکھی ہے اور بڑے زور زور سے بھنبھناتی ہے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہ مکھی کیوں شور مچاتی ہے؟ فرمایا یہ کہہ رہی ہے کہ مکھیاں بے قرار ہیں اس وجہ سے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے پاس سالن نہیں ہے حالانکہ ہم نے یہاں قریب ہی غار میں شہد کا چھتہ لگایا ہوا ہے وہ کون لائے حالانکہ ہم تو اسے لا نہیں سکتیں پھر فرمایا اے علی: اس مکھی کے پیچھے جاؤ اور شہد لے آؤ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک پیالہ پکڑ کر اس کے پیچھے ہوئے وہ مکھی آگے آگے اس غار میں پہنچ گئی اور آپ نے وہاں جا کر شہد صاف و مصفٰی نچوڑ لیا اور دربار رسالت ﷺ میں حاضر ہو گئے۔

حضور ﷺ نے وہ شہد تقسیم کر دیا جب صحابہ رضی اللہ عنہم کھانا کھانے لگے تو وہ مکھی پھر آگئی اور بھنبھنا شروع کر دیا۔

صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ مکھی پھر اسی طرح شور مچا رہی ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا میں نے اس سے ایک سوال کیا ہے اور یہ اسکا جواب دے رہی ہے میں نے

اس سے پوچھا تھا کہ تمہاری خوراک کیا ہے مکھی کہتی ہے کہ پہاڑوں اور بیابانوں میں جو پھول ہوتے ہیں وہ ہماری خوراک ہوتے ہیں۔

میں نے پوچھا پھول تو کڑوے بھی ہوتے ہیں پھیکے بھی ہوتے ہیں بدمزہ بھی ہوتے ہیں تو تیرے منہ میں جا کر نہایت شیریں اور صاف شہد کیسے بن جاتا ہے۔

تو مکھی نے جواب دیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارا ایک امیر اور سردار ہے اور ہم اس کے تابع ہیں جب ہم پھولوں کا رس چوستی ہیں تو ہمارا امیر آپ کی ذاتِ مقدسہ پر درود پڑھنا شروع کر دیتا ہے اور ہم بھی اس کے ساتھ مل کر درود پاک پڑھتی ہیں تو وہ بدمزہ اور کڑوے پھولوں کا رس ''درود پاک کی برکت'' سے میٹھا ہو جاتا ہے۔

اس کی برکت اور رحمت کی وجہ سے وہ شہد شفا بن جاتا ہے۔
(مقاصد السالکین ص 53)





## درود پاک کی برکت سے لوگوں کی نگاہوں میں محبوب

حضرت الیاس علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص حضور ﷺ پر درود پڑھتا ہے اس کا دل نفاق سے ایسا دھل جاتا ہے جس طرح کپڑا پانی سے دھل جاتا ہے۔

اور فرمایا کہ ہم نے رسول پاک ﷺ سے سنا ہے آپ ﷺ نے فرمایا جو مومن درود بکثرت پڑھتا ہے لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اگرچہ وہ لوگ اس سے متنفر ہوں اور لوگ اس وقت تک محبت نہیں کر سکتے جب تک کہ اللہ پاک کی نگاہ میں وہ محبوب نہ بن جائے۔ (القول البدیع ص 127)

## درود پاک کی برکت سے طاعون، ہیضہ وغیرہ سے حفاظت

ابن خطیب نے بیان کیا ہے کہ نبی پاک ﷺ پر درود پاک کی کثرت طاعون سے محفوظ رکھتی ہے اور اسے دور کرتی ہے۔

## درود پاک کی برکت سے بھولنے کے مرض کا علاج

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ جسے

بھولنے کا اندیشہ ہو وہ کثرت سے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجے۔

(القول البدیع)

## درود پاک کی برکت سے عذاب قبر سے نجات

ایک عورت حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں آئی اور کہا کہ میری لڑکی کا انتقال ہوگیا ہے۔ میں اسے خواب میں دیکھنا چاہتی ہوں۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عشاء کے بعد چار رکعت نماز اس طرح پڑھو کہ ہر رکعت میں فاتحہ کے سورۃ **اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ** ایک بار پڑھو پھر لیٹ جاؤ اور نیند آنے تک درود شریف پڑھتی رہو۔ اس نے ایسا ہی کیا تو لڑکی کو خواب میں دیکھا کہ وہ سخت عذاب میں مبتلا ہے اس کے ہاتھ پیر آگ کی زنجیر میں جکڑے ہوئے ہیں اس پر تارکول کا لباس ہے۔ وہ صبح اُٹھ کر حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آگئی انہوں نے کہا کہ صدقہ کرو شاید اس کی برکت سے نجات پائے۔ اگلے دن حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں اُس لڑکی کو دیکھا کہ وہ جنت کے باغیچوں میں ہے ایک تخت بچھا ہے اس کے





پاس ایک خوبصورت لڑکی بیٹھی ہے اس پر نور کا تاج ہے۔ اس نے کہا حسن تم مجھے پہچانتے ہو انہوں نے کہا نہیں اس نے کہا میں وہی لڑکی ہوں جس کی ماں کو آپ نے درود پڑھنے کا حکم دیا تھا۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کہ تمہاری ماں نے تو اس کے برعکس حال بیان کیا تھا۔ اس نے کہا حالت تو وہی تھی۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا پھر یہ مرتبہ کیسے ملا۔ اس نے کہا صالحین میں سے کسی کا گزرنا ہوا اس نے ایک مرتبہ درود پڑھ کر ثواب بخش دیا ہم ستر ہزار عذاب میں مبتلا تھے۔ خدا نے اس کی برکت سے ہم سب کو اس عذاب سے آزاد کردیا اور یہ مرے حصہ کی برکت ہے جو تم دیکھ رہے ہو۔

## درود پاک کی برکت سے آپ ﷺ سے مصافحہ

حضرت عبدالرحمٰن بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر دن میں پچاس مرتبہ درود پڑھا کرے گا قیامت کے دن میں اس سے مصافحہ کرونگا۔

(القول البدیع ص 130)

## درود پاک کی اہمیت، فضیلت، برکت اور ثمرات "بڑوں کی نظر میں"

① حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا مروی ہے کہ درود پاک غلام آزاد کرنے سے افضل ہے۔

② ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: درود شریف کی برکت سے "سکرات الموت" نزع کی کڑواہٹ اور موت کی کراہت دور ہو کر موت آسان ہو جاتی ہے۔ درود شریف موت کی تلخیوں کیلئے تریاق ہے۔

③ حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ درود شریف کے انوار وفوائد "اولاد در اولاد" کئی پشتوں تک پہنچتے ہیں۔

④ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے لوح محفوظ میں یہ ظاہر کیا ہے کہ وہ رفیع نامی فرشتے کو وہ اسرافیل کو وہ میکائیل کو وہ جبرائیل کو وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دیں کہ جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر دن رات میں سو مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے۔ میں (اللہ) اس پر دو ہزار مرتبہ رحمت بھیجتا ہے اور





ایک ہزار حاجتیں اس کی پوری کی جاتی ہیں کم از کم اسکو جہنم سے آزاد کر دیا جاتا ہے۔

⑤ حضرت ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر درود پاک کا کوئی اور فائدہ نہ ہوتا سوائے اس کے کہ اس میں شفاعت کی نوید ہے تو بھی عقل مند پر واجب تھا کہ وہ اس سے غافل نہ ہوتا چہ جائیکہ اس میں بخشش ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے پر صلوات ہیں۔ (تنبیہ الغافلین)

⑥ حضرت شیخ عبدالعزیز تقی الدین رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے آپ تسہیل المقاصد سے نقل فرماتے ہیں کہ ساری نفلی عبادتوں سے درود پاک افضل ہے۔ (نزہۃ المناظر ص32)

⑦ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اے بھائی! اللہ تک پہنچنے کے راستوں میں سے قریب تر راستہ ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھنا لہذا جو شخص سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی درود پاک والی خاص خِدمَت نہ کر سکے وہ اللہ تک نہیں پہنچ سکتا۔

⑧ حضرت خواجہ ضیاء الدین نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا

کہ جاننا چاہئے کہ سب سے بڑھ کر سعادت اور بہترین عبادت سید دو عالم ﷺ پر درود پڑھنا ہے۔ اس لئے کہ درود پاک کی کثرت سے حبیب خدا ﷺ کی محبت غالب آجاتی ہے جو کہ تمام سعادتوں کی سردار ہے اور اس کے ذریعہ سے انسان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبولیت حاصل کرلیتا ہے اور درود پاک کی برکت سے سب سیئات حسنات سے تبدیل ہوجاتی ہیں۔

(مقاصد السالکین)

⑨ حضرت خواجہ عطاء اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے: ایک بار کا درود پاک عمر بھر کی نیکیوں سے وزنی ہے اور جو شخص نفلی روزہ نہیں رکھ سکتا تو اسے چاہئے کہ وہ کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے اس پر اللہ تعالیٰ دس رحمتیں بھیجتا ہے۔ (سعادۃ الدارین ص93)

⑩ حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی غوث رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اے ایمان والو تم مسجد اور اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ پر درود پاک کو لازم کرلو۔ (فتح ربانی)





⑪ حضرت ابن نعمان رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اہل علم کا اس پر اجماع ہے کہ رسول اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھنا سب اعمال سے افضل ہے اور اس سے انسان دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی کامیابیاں حاصل کرلیتا ہے۔

⑫ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ درود پاک کے فضائل میں سے ہے کہ اسکا پڑھنے والا دنیا کی رسوائی سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی آبرو میں کوئی کمی نہیں آتی۔

⑬ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''جذب القلوب'' میں لکھا ہے کہ احمد بن ابی بکر سے روایت ہے کہ جس کتاب میں حضور ﷺ پر درود لکھا ہوا ہے جب تک درود لکھا نظر آتا رہے گا۔ لکھنے والے پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی رہے گی۔ جس دعا کے اوّل آخر درود پڑھا جائے وہ شرف قبولیت پاتی ہے۔

⑭ کسی نے علامہ اقبال سے پوچھا آپ حکیم الامت کیسے بنے؟ تو علامہ اقبال نے بلاتوقف فرمایا یہ تو کوئی مشکل نہیں اگر

آپ چاہیں تو آپ بھی اس مقام تک پہنچ سکتے ہیں پھر فرمایا میں نے گن کر ایک کروڑ مرتبہ درود شریف پڑھا ہے اگر آپ بھی اس نسخہ پر عمل کریں تو آپ اس مقام پر پہنچ جائیں گے۔

## درُود پڑھنے والے پر انعاماتِ خداوندی (ایک نظر میں)

درود شریف پڑھنے کے فوائد و برکات بیان کرنے کی ضرورت تو نہیں تھی کیونکہ یہ تو ہر مسلمان کا فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے محسن نبی ﷺ کے احسانات کو دیکھتے ہوئے جو مسلمانوں پر ہیں مسلسل درود وسلام بھیجتا رہے کہ جنہوں نے ہزار ہا تکالیف و مصائب جھیل کر اللہ کے دین کو ہر کچے پکے گھر تک پہنچایا اور مخلوق خدا کو جو دوزخ کے کنارے پہنچ چکی تھی ہمیشہ کی جنت کا وارث بنا دیا۔

درود شریف پڑھنے کے بعض انعامات و فوائد اس لئے بیان کر دیئے گئے ہیں تا کہ غافل بندہ کے دل میں مزید جذبہ شوق بیدار ہو۔

(1) درود شریف پڑھنے والے کی روح قبض ہونے کے وقت





آسانی ہوگی۔

(2) قبر کے سوال وجواب آسان ہوں گے۔

(3) قیامت کے دن تمام انبیاء، اولیاء اور فرشتے اس کے حق میں شفاعت کریں گے۔

(4) مومن زوالِ ایمان کے خطرے سے محفوظ رہے گا۔

(5) زندگی ہی میں آقائے دوجہاں ﷺ کا دیدار نصیب ہوگا۔

(6) رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے تمام گناہوں کی بخشش ہوگی۔

(7) قبر میں روضۂ رسول ﷺ سے ایک طاقچہ کھول دیا جائے گا جس سے راحت نصیب ہوگی۔

(8) ایک پرندہ پیدا ہوگا جو عرش کے نیچے آکر درود پاک پڑھنے والے کیلئے مغفرت کی دعا کرے گا۔

(9) بڑے پیمانے پر ثواب کا حصول ہوگا۔

(10) دنیا میں درود شریف پڑھنے سے آسمان کے کنارے فرشتوں سے بھر جاتے ہیں۔

(11) قیامت کے دن درود پاک پڑھنے والے کا چہرہ

چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہوگا۔

⑫ حوض کوثر سے پانی پلایا جائے گا۔

⑬ دوزخ کی آگ حرام ہوگی۔

⑭ 80 سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

⑮ پورے دن میں خیر و برکت اور دینی دنیاوی امور میں دل جمعی نصیب ہوگی۔

⑯ دشوار کاموں میں آسانی ہوگی۔

⑰ ہر قسم کی پریشانی زائل ہوگی۔

⑱ قرض دار ہو تو قرض کی ادائیگی کیلئے سبیل پیدا ہوگی۔

⑲ درود شریف کا ورد رکھنے والا دونوں جہانوں میں کبھی محتاج نہ ہوگا۔





## مشاہدات

## درود شریف سے متعلق میری گذشتہ چند سالہ زندگی کے اہم واقعات

☆ میں محمد لیاقت کو بچپن میں 7 سال کی عمر سے ہی جنات کا کام یعنی عملیات سیکھنے کا شوق بہت زیادہ رہا اس کا سبب میرے والد اور چچا صاحبان تھے جو اس کام کو سیکھنے میں لگے ہوئے تھے مگر انہیں کوئی قابل ذکر کامیابی نہیں ہوئی کبھی جنات انکو تنگ کرتے کبھی گھر والوں کو بہر کیف ان حضرات کو مختلف مسائل کا سامنا رہا جس کی بنا پر یہ حضرات اس کام میں زیادہ آگے نہ بڑھ سکے بلکہ میرے والد محترم تو اس کام کو مکمل چھوڑ گئے۔ مجھے ان حالات کا صحیح طور پر علم نہیں تھا میں اس وقت سات سال کی عمر میں تھا میں مدرسہ گیا تو اپنے استاد محترم کو بھی اس کام میں مصروف دیکھا ان کا انداز بہت ہی اچھا لگا وہ وقت کے بڑے ہی پابند تھے بہت بڑے بڑے اکابر حضرات سے ان کو اجازتِ بیعت بھی حاصل تھی اور

جنات کے بارے میں ان کو بہت مہارت حاصل تھی مجھے ان کو دیکھ کر اور زیادہ شوق پیدا ہوا تقریباً دس سال کی عمر میں میں نے قرآن پاک حفظ کیا اور یہ کام سیکھنے کا پختہ ارادہ کرلیا اور اس کا اظہار اپنے والد محترم سے کیا انہوں نے میرا شوق دیکھتے ہوئے بڑا اور لاڈلا بیٹا ہونے کے ناطے مجھے مکمل اجازت دے دی نیز میری رہنمائی بھی فرمائی اور اس کا تذکرہ اپنے شیخ سے کیا جو کہ حضرت رائے پوری اور حضرت احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہما کے خلیفہ مجاز تھے۔ حضرت شیخ نے مجھ سے دو سوال کئے کہ یہ کام کس لئے سیکھ رہے ہو اور کیا تم کو جنات سے ڈر نہیں لگتا۔

بندے نے حضرت کو جواب دیا کہ حضرت یہ کام میں خدمت خلق کیلئے سیکھوں گا اور یہ کہ مجھے جنات سے ڈر نہیں لگتا سوائے اللہ رب العزت کے۔ حضرت میرے جواب سے بہت خوش ہوئے اور مجھے اپنے قریب کرتے ہوئے فرمایا۔ بیٹا تم ابھی بچے ہو (میری عمر اس وقت دس سال تھی) مگر تمہارا عزم بہت بڑا ہے اس لئے تمہیں دو گُر کی بات یعنی کام کی بات بتاتا ہوں





ان کو زندگی میں شامل کرلینا انشاء اللہ کبھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھو گے بلکہ ہر جگہ ہر مقام پر کامیابی تمہارے قدم چومے گی۔

اوّل یہ کہ ہمیشہ باوضو رہنا دوم یہ کہ دن میں ہزار مرتبہ درود شریف کو اپنا معمول بنالینا۔

الحمدللہ ثم الحمدللہ! دس سال کی عمر سے بندے نے یہ معمول بنا رکھا ہے کم از کم ایک ہزار وگرنہ تین ہزار بار درود شریف پڑھتا ہوں یہ باتیں لکھنے کی نہیں لیکن تحدیث نعمت کے طور پر اور اپنے ساتھیوں کے اصرار پر تحریر کر رہا ہوں کیونکہ مجھے زندگی میں بے انتہا فوائد حاصل ہوئے اور حدیث پاک کا مفہوم بھی یہی ہے کہ جو چیز تمہیں زندگی میں فائدہ دے وہ اپنے مسلمان بھائی کو ضرور بتلاؤ تاکہ انہیں بھی اس چیز سے فائدہ پہنچے۔

بہرکیف میں نے حضرت شیخ کی ان دو نصیحتوں کو اپنے لئے حرزِ جاں بنالیا۔ آج میری عمر 26 سال ہے۔ الحمدللہ ان سولہ برسوں میں میں نے اپنی زندگی میں درود شریف کی جو برکات دیکھی ان کو لکھنے کیلئے ایک پوری کتاب درکار ہوگی جو کہ

ہزاروں صفحات پر مشتمل ہو۔ مختصر یہ کہ الحمدللہ علمی میدان ہو یا جہادی میدان خصوصاً عملیات کے میدان میں میں نے اپنے دو اساتذہ بنائے اور پورے پاکستان میں گھوما۔ ایک استاد جو ہندوستان میں مقیم ہیں ان کے پاس بھی گیا۔ الحمدللہ انہوں نے چالیس دن بلکہ اس سے بھی کم عرصہ میں مجھے اپنے عملیات کی مکمل اجازت دے دی وجہ اس کی درود شریف کی برکت تھی۔

☆ جب میں دارالعلوم عیدگاہ کبیر والا میں ثانیہ عامہ کا طالب علم تھا ایک مرتبہ شب جمعہ میں درود شریف پڑھتے پڑھتے سو گیا تو خواب میں روضۂ رسول ﷺ کی زیارت ہوئی میں نے دیکھا کہ میں وہاں لوگوں میں دودھ تقسیم کر رہا ہوں چنانچہ میں نے مدرسے کے شیخ الحدیث مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ سے خواب کی تعبیر دریافت کی تو حضرت پہلے بہت دیر تک خاموش بیٹھے رہے اس کے بعد پوچھا تم کون سے اعمال کرتے ہو رات میں تب میں نے حضرت شیخ الحدیث کو بتایا کہ پانچ سالوں





سے ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کا معمول ہے حضرت یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ بیٹا تم سے اللہ رب العزت اپنے پیارے حبیب محمد ﷺ کی سنت کو زندہ کرنے کا کام لیں گے تم انشاء اللہ بہت ترقی کرو گے۔ حضرت شیخ الحدیث کی یہ بات سن کر مجھے مزید شوق ہوا اس کے کچھ ہی عرصے کے بعد مجھ کو حضرات شیخین جناب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا علاوہ ازیں اور بھی بہت سے مشاہدات ہوئے اور میرا ذوق شوق بڑھتا ہی گیا یہاں تک کہ جب دورۂ حدیث بندے نے دارالعلوم کراچی، کورنگی نمبر 14 سے کیا تو اس وقت درود شریف کا معمول کم از کم پانچ ہزار بن گیا تھا جو کہ الحمدللہ آج تک قائم ہے۔ مجھے حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب مدظلہ العالیہ نے ایک بار اپنے پاس بلوایا اور عملیات سے متعلق مختلف سوالات کئے اسی طرح جادو جنات اور اسم اعظم کے بارے میں سوالات کئے پھر حضرت مدظلہم نے ارشاد فرمایا کہ بیٹا اس

فن پر بھی کام کرنا چاہئے چنانچہ بندے نے اسی وقت یہ عزم کرلیا کہ انشاء اللہ اس کام سے لوگوں کو صحیح طور پر متعارف کراؤں گا تا کہ معلوم ہو سکے کہ علم روحانی کیا ہے اور سفلی وجادو کیا ہیں۔ میں نے اپنا یہ ارادہ بڑے بڑے اکابر حضرات اور اساتذہ کے سامنے پیش کیا تو الحمدللہ سب نے بخوشی اجازت مرحمت فرمادی اور فرمایا کہ تم اس فن پر کام کرو تا کہ صحیح مسلک کے لوگ اس فن سے آگاہ ہو جائیں اور غلط قسم کے جادو وغیرہ کرنے والے عاملین سے محفوظ ہو جائیں۔ الحمدللہ اسی دن سے بندے نے سکھانے کا کام شروع کیا اس کام کو ہر خاص و عام سیکھ سکتا ہے اس کیلئے میں نے چند شرائط رکھی ہیں کہ سیکھنے والا ان شرائط کو پورا کرے۔

① سات دن یا تین دن استخارہ کرکے آئے اس لئے کہ حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ استخارہ کرنے والا بعد میں کبھی اپنے اس کام میں جس کا استخارہ کیا ہے شرمندہ نہیں ہوگا۔

② خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کی نیت کرے۔





③ چالیس دن تکبیر اولیٰ کے ساتھ نماز کی پابندی کرے۔

④ روزانہ ہزار مرتبہ درود شریف کا اہتمام کرے۔

⑤ اس کام کو خدمت خلق کی نیت سے سیکھے۔

مندرجہ بالا شرائط کے ساتھ ہر شخص اپنے اور اپنے گھر والوں کی حفاظت بلکہ اپنے علاقے کے دفاع کیلئے جادو اور جنات سے بچاؤ کے عملیات سیکھ سکتا ہے۔ میں ہر شاگرد کو اس بات کی ضمانت دیتا ہوں کہ وہ دو سال میں اتنا سیکھ لے گا کہ پوری زندگی جنات اس کا مقابلہ نہیں کرسکیں گے اور نہ اس پر کبھی جادو اثر کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

الحمدللہ! ان شرائط کی پابندی کے ساتھ آج تک جو علماء کرام، مفتی صاحبان، قراء حضرات اور حفاظ اس کام کو سیکھنے میرے پاس آئے ان کی تعداد تقریباً 4500 ہو چکی ہے اور ابھی تک سکھانے کا سلسلہ جاری ہے اور انشاء اللہ جب تک زندگی ہے یہ کارِ خیر جاری رہے گا۔ مجھے الحمدللہ سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ جب ایک طالب علم ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتا

ہے تو ظاہر ہے کہ اس کا ثواب مجھے بھی ملتا ہے اور اللہ رب العزت سے اپنی بخشش کی مکمل امید ہوجاتی ہے چونکہ حضور ﷺ کا مبارک ارشاد ہے کہ علم وہ اچھا ہے جس سے لوگوں کو نفع پہنچے۔ دوسری حدیث کا مفہوم ہے کہ جو شخص مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہے وہ قیامت کے دن مجھ سے اتنا ہی قریب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ میرے اس عمل کو اپنے پیارے حبیب ﷺ کے طفیل قبول فرمائے۔ آمین۔

☆ میرے پاس ایک رشتہ دار خاتون آئیں ان کا بیٹا شہید ہوگیا تھا۔ کافی عرصہ انکے بیٹے نے کشمیر اور افغانستان میں جہاد کا وقت گزارا تھا انہوں نے مجھے کہا کہ میں اپنے بیٹے کو خواب میں دیکھنا چاہتی ہوں۔ میں نے اُن کو ایک درود شریف بتلایا کہ 1100 مرتبہ پڑھیں تین شرائط کے ساتھ۔

① صلوٰۃ التسبیح کی نماز پڑھیں ② صدقہ کریں ③ تمام لوگوں کو اپنے ذمہ سے معاف کریں۔ الحمدللہ وہ بہت خوش ہوئیں اور دوسرے ہی دن مجھے آکر بتایا کہ میں نے خواب میں





آپ ﷺ کو ایک نوجوان کی شکل میں دیکھا آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم خوش ہوجاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے بیٹے کو قبول کرلیا ہے اور وہ جنت میں ہے۔ اس کے بعد سے اس خاتون نے 1100 مرتبہ درود شریف کو اپنا معمول بنالیا ہے وہ کہتی ہے کہ بیٹا اب میری زندگی بہت خوش گزر رہی ہے اور جو بھی اس خاتون کے پاس آتا ہے وہ اسے بھی درود شریف پر لگا دیتی ہے۔ اللہ ان کی عمر میں برکت عطا فرمائے۔ آمین

☆ ایک وڈیرے کے پاس علاج کے سلسلے میں مجھے قصور شہر جانا ہوا۔ الحمدللہ اس کو مکمل فائدہ ہوا اس نے مجھ سے کہا حافظ صاحب! میں آپ کو اپنا واقعہ سنانا چاہتا ہوں کہنے لگا میں بہت بُرے کاموں میں مبتلا ہوگیا تھا شراب اور دیگر برے کام وغیرہ۔ اللہ نے مجھے بہت دولت سے نواز رکھا تھا میرے ساتھ ایک ایسا واقعہ ہوا کہ مجھے جیل جانا پڑا مجھے اس میں سزائے موت بھی ہوسکتی تھی مجھے ایک قیدی نے بتایا کہ ساہیوال کے علاقے میں ایک بابا ہیں وہ جس کیلئے دعا

کر دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کے کام آسان بنا دیتے ہیں۔ میں نے اپنے ساتھیوں کو اس بابا کے پاس ساہیوال بھیجا تو اس نے مجھے کہلوایا کہ بیٹا! اس درود شریف کو 1100 مرتبہ پڑھا کرو چنانچہ میں نے اس درود شریف کو جیسے ہی 1100 مرتبہ شروع کیا تو اللہ کے فضل سے ایک مہینے بعد ہی جیل سے رہا ہو گیا۔ اب اللہ نے مجھے توفیق بخشی اور میں نے تبلیغی جماعت کے ساتھ بھی اپنا وقت لگایا ہے اور اللہ نے پہلے سے زیادہ مجھے نوازا ہے۔ یہ سب اس درود کی برکت اور اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ وہ درود شریف یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ رَّحْمَةِ یہ درود اس وڈیرے کو جس بابا نے بتایا تھا وہ بابا میرے بہت ہی شفیق استاد تھے جو پورے ساہیوال میں شاہ صاحب کے نام سے مشہور ہیں۔

☆ اسی طرح میرے ایک شاگرد میرے پاس آئے اور کہنے لگے حافظ صاحب مجھے مدینہ جانے کی بڑی آرزو ہے لیکن میرے پاس اتنے پیسے نہیں ہیں۔ میں نے اُن سے کہا میں





آپ کو ضمانت دیتا ہوں کہ آپ بہت جلد مدینہ چلے جاؤ گے لیکن اس کیلئے تین شرطیں پوری کرنا ہوں گی ① ہر شب صلوٰۃ التسبیح پڑھو ② ہر گناہ کبیرہ ہونے پر صلوٰۃ التسبیح اور صدقہ کرو ③ روزانہ 1100 مرتبہ درود شریف پڑھو۔ الحمدللہ ایک ماہ بعد ہی میرے شاگرد طالب علم نے آکر یہ خوشخبری سنائی کہ حافظ صاحب میرا کام بن رہا ہے آپ مزید دعا فرمائیے میرے والد سے ان کے دوست نے عمرہ کرنے کو کہا لیکن چونکہ والد صاحب کی طبیعت ناساز ہے تو انہوں نے اپنی جگہ مجھے عمرہ پر جانے کا سنہری موقع میسر کیا ہے۔ الحمدللہ جب میں (مولوی محمد لیاقت) 2003ء میں عمرہ کرنے کیلئے گیا تو مسجد نبوی میں اسی شاگرد سے ملاقات ہوئی۔ مجھ سے بڑی خوش دلی اور گرمجوشی سے ملا اور کہنے لگا حافظ صاحب اللہ تعالیٰ نے میری ہر خوشی پوری کر دی اب میں چاہتا ہوں کہ مدینہ میں کچھ مہینے اور گزاروں دعا کریں اللہ تعالیٰ میری یہ خواہش بھی پوری کر دے۔ میں نے اُسے حضور ﷺ کے روضہ

اقدس کے سامنے 1100 مرتبہ روزانہ درود شریف پڑھنے کو کہا اور تاکید کی کہ یہ عمل ریاض الجنہ کے اندر ہو۔ الحمدللہ ایک ماہ بعد اس نے مجھے فون پر بتایا کہ حافظ صاحب مجھے مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ مل گیا ہے اور الحمدللہ اب میں تین سال تک مدینے میں رہوں گا اس نے میرا بہت شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جب سے میں نے درود شریف کو معمول بنایا ہے اللہ تعالیٰ نے میری ہر خواہش کو پورا کر دیا ہے اور سب سے بڑھ کر تو یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے مدینے میں قبول کر لیا ہے میں روزانہ آپ ﷺ کے روضۂ اقدس پر سلام پیش کرتا ہوں اور حافظ صاحب ساتھ ہی آپ کے لئے دعائیں کرتا ہوں۔

☆ میرے ایک بہت قریبی رشتہ دار ہیں میرا کچھ عرصہ پہلے ان کے گھر جانا ہوا تو اُن کے والد صاحب جو کہ سرکاری ملازم ہیں مجھ سے کہنے لگے کہ بیٹا میں حضور ﷺ کو خواب میں دیکھنا چاہتا ہوں میں نے پہلی والی شرائط کے ساتھ 1100 مرتبہ درود شریف پڑھنے کی تلقین کی کچھ دنوں بعد مجھے انہوں





نے فون پر بتایا کہ نبی کریم ﷺ کو میں نے کئی بار خواب میں دیکھا ہے لیکن آپ ﷺ کا پورا چہرہ مبارک نہیں دیکھ سکا اس کا مجھے افسوس بھی ہے اور پریشانی بھی کہ آخر یہ کیا معاملہ ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ پہلے اپنا چہرہ تو حضور ﷺ کے چہرے کے مطابق بنالیں میں نے یہ بات اس لئے کی کہ ان صاحب کی داڑھی نہیں تھی۔ وہ میری بات سن کر رونے لگے اور فون بند کر دیا ایک مہینے بعد دوبارہ فون کیا اور بتایا کہ بیٹا اب مجھے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے چہرۂ انور کو مکمل اور واضح دکھایا ہے اب میں ساری زندگی داڑھی نہیں کٹواؤں گا۔

☆ یہ بات میرے مشاہدے میں ہے کہ داڑھی کٹانے والے کو حضور ﷺ کی مکمل زیارت نہیں ہوسکتی اس لئے کہ یہ ایک ایسا گناہ ہے جو 24 گھنٹے بندے کے ساتھ رہتا ہے یعنی بندہ نماز پڑھے، روزہ رکھے یا کوئی بھی ثواب کا کام کرے داڑھی کٹانے کا گناہ کبیرہ اس کے ساتھ رہتا ہے۔ ظاہر ہے ایسے بندے کو رسول اللہ ﷺ کی زیارت کیسے ہوسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ

اس گناہ سے پورے عالم کے مسلمانوں کو بچائے۔
آمین ثم آمین۔

☆ میرے وہ مسلمان بھائی جو اس کتاب کو پڑھیں وہ اسی دن نیت کریں کہ اپنے چہرے کو ہمیشہ داڑھی سے سجا کر رکھیں گے اپنے پیارے حبیب ﷺ کی سنت کے مطابق اس لئے کہ جب ہمارا چہرہ نبی ﷺ کے مشابہ نہیں ہوگا تو اللہ کی رحمت کیسے متوجہ ہوگی۔ ہمارا چہرہ دشمنانِ رسول جیسا ہو اور پھر ہم امید رکھیں آپ ﷺ سے شفاعت کی تو یہ معاملہ بڑا ہی عجیب ہے۔ بھائیو! اللہ کے رسول ﷺ نے داڑھی کو کٹانے والے کی طرف سے اپنا چہرہ پھیر لیا تھا کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم سے اس عظیم سنت کے چھوڑنے پر آپ ﷺ اپنا چہرہ پھیر لیں۔

☆ 2003ء کی بات ہے میں نے خواب دیکھا کہ اپنے گھر والوں کے ساتھ ایک محل کی طرف جا رہا ہوں میں نے قرآن پاک میں سے آیۃ الکرسی کی تلاوت کی اور پھل وغیرہ کھائے۔ وہ پھل ایسے تھے کہ جن کا تصور آج بھی کرتا ہوں تو حیران رہ





جاتا ہوں بے حد لذیذ اور عمدہ پھل خوشبو ایسی کہ بیان نہیں کر سکتا یہ خواب میں نے حضرت مفتی عطاء اللہ صاحب کو سنایا جو کہ بنوری ٹاؤن کے مشہور و معروف اکابرین میں سے ہیں۔ انہوں نے اس خواب کے متعلق فرمایا کہ بیٹا مبارک ہو اللہ تعالیٰ نے تمہیں خواب میں جنت دکھا دی ہے میں نے عرض کیا حضرت! حضور ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ جو بندہ زندگی میں ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے مرنے سے پہلے خواب میں ہی جنت دکھا دے گا۔ الحمد للہ اس خواب سے مجھے اور زیادہ درود شریف سے محبت ہوگئی اب تو یہ حال ہے کہ جب تک ایک ہزار بار درود شریف نہ پڑھ لوں سکون ہی نہیں آتا۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو آپ ﷺ اور جنت کی زیارت سے مستفیض فرمائے۔ آمین۔ آج کوئی نہیں جانتا کہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا یا نہیں۔ ہر فرد دوسرے سے دعائیں کراتا ہے کہ خاتمہ ایمان پر ہو کسی کو کوئی پتہ نہیں ہے مگر کتنے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو درود پڑھنے میں لگے ہیں اور ان کو حضور

ﷺ نے ضمانت دے دی کہ تم جنتی ہو اور بالائے کرم یہ کہ ان کو خواب میں جنت دکھا دی جاتی ہے۔ یہ خوشخبری کسی اور عمل کے بدلے میں نہیں ہے۔ وجہ اس کی صاف ظاہر ہے کہ اللہ کے نزدیک اللہ کے محبوب ﷺ سے بڑھ کر کوئی اور شخصیت نہیں ہے۔ یہ سب درود شریف آپ ﷺ پر ہی پڑھے جاتے ہیں جو ہر حال میں قبول ہیں کسی بھی قسم کی کوئی قید نہیں جس وقت بھی پڑھا جائے قبول ہوگا۔ انشاءاللہ

☆ میرے ایک دوست جو میرے شاگرد بھی ہیں اور جامعہ فاروقیہ میں کتابوں کے استاد بھی ہیں نیز یہ کہ حضرت شیخ مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خادم خاص بھی ہیں یہ میرے پاس آئے اور مجھ سے کہنے لگے کہ کوئی ایسا عمل بتاؤ کہ میرے سب اعمال ٹھیک طرح چلیں میرے اندر سستی بہت ہے چنانچہ میں نے اُنہیں ایک درود شریف بتلا دیا کچھ ہی دنوں بعد وہ مجھ سے کہنے لگے کہ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جب سے میں نے ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کا معمول بنایا ہے





میری تو دنیا ہی بدل گئی ہے ہر کام درست ہو رہا ہے۔ اعمال بھی درست اور سارے کام بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔ میں نے کہا بھائی تم نے نبی کریم ﷺ کی وہ حدیث نہیں سنی کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں آپ پر کتنا درود شریف پڑھوں اپنے دن کے اوقات میں تو آپ ﷺ نے فرمایا جتنا تمہارا دل چاہے اس صحابی رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میں سارا وقت آپ پر درود شریف پڑھنے میں گزاردوں گا حضور ﷺ نے فرمایا تو پھر اللہ بھی تمہارے تمام کام اپنے ذمہ لے لیں گے تو میرے بھائی آپ نے اپنا وقت درود شریف پڑھنے میں لگایا تو اللہ نے آپ کے سارے کام بنا دیئے اس سے پہلے انہوں نے عمرہ نہیں کیا تھا۔ الحمدللہ اب انہوں نے دو عمرے بھی ادا کر لئے ہیں۔ اللہ انہیں مزید عمرے ادا کرنے کی سعادت نصیب فرمائے۔ آمین۔

☆ میں دارالعلوم کراچی میں پڑھتا تھا وہاں جامعہ میں ایک بہت شفیق استاد ہیں، قاری بھی ہیں، قاری عبدالمالک صاحب

جو بڑی شہرت رکھتے ہیں ان کو جب اس بندے کے عملیات کا علم ہوا تو وہ مجھ سے ملنے آئے اور فرمایا مجھے کوئی خاص درود شریف بتلاؤ میں نے ایک درود شریف ان کو بتلا دیا دوبارہ ملاقات ہوئی تو میں نے درود شریف کے بارے میں دریافت کیا؟ قاری صاحب نے کہا اس درود شریف کے بڑے مشاہدے ہوئے بہت عمدہ درود شریف ہے اب سارا دن یہی پڑھتا رہتا ہوں بے حد لطف آتا ہے۔ اللہ سب کو درود شریف سے محبت عطا فرمائے۔ آمین

☆ بندہ جب کراچی کے علاقہ گلشن اقبال میں الہ دین پارک کے سامنے فیملی کے ساتھ رہائش پذیر تھا تو بندہ کے پاس ایک دوست آئے جنکا نام ادریس بندھانی ہے، انہوں نے اپنے گھر کا مسئلہ بیان کیا کہ انکے گھر پر جنات کا بہت سخت معاملہ تھا۔ جب بندہ ان کے گھر علاج کیلئے گیا تو جنات نے اپنی شرارتیں بہت زیادہ تیز کر دیں اس کے گھر کی چھت پر انکی رہائش بنی ہوئی تھی صورتِ حال دیکھنے کے بعد بندہ نے درود شریف انکو





ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کو بتلایا اور منزل صبح و شام پڑھنے کیلئے دی اور اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے چند اسماء پڑھنے کو دیئے اور گھر کا علاج شروع کر دیا چند ہی دنوں میں الحمدللہ بہت زیادہ افاقہ ہوا اور بندہ نے گھر کے مکمل حصار کیلئے جناب نبی کریم ﷺ کا خط مبارک جو تحریر ابودجانہ رضی اللہ عنہ کے نام سے مشہور ہے وہ دیا۔ الحمدللہ بھائی ادریس کا معاملہ چند ہی دنوں میں حل ہو گیا۔

اُس کے بعد سے بندہ کے بھائی ادریس بندھانی کے ساتھ اچھے تعلقات بن گئے، ایک مرتبہ بندہ بھائی ادریس کے ساتھ جا رہا تھا کہ سڑک کے کنارے ایک ملنگ ٹائپ کے آدمی کو چلتا دیکھا جسکی عمر تقریباً 70،75 برس ہوگی۔ اس کی عجیب وغریب شکل بنی ہوئی تھی، ناخن بڑھے ہوئے تھے، مونچھوں اور داڑھی کے بال بے تکی سی حالت کے تھے، سر سے کپڑا غائب تھا اور بدن کے کپڑے بھی پھٹے ہوئے تھے۔

اسکو دیکھنے کے بعد ادریس بھائی نے بتایا کہ یہ بابا میرے بچوں کے قرآن پاک کے استاد ہیں اور میرے سالہ جی جو کہ

اس وقت فوج میں کرنل ہیں ان کے بھی استاد ہیں صرف یہی نہیں بلکہ یہ قاری رحیم بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد خاص ہیں اور قاری فتح محمد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں رہ چکے ہیں۔ انہوں نے 40 سال قرآن پڑھایا ہے۔اس کے علاوہ ادریس صاحب نے اور بھی بہت زیادہ معلومات اس کے متعلق بندہ کو بتلائیں۔ بندہ کو یہ سب دیکھ اور سُن کر بہت زیادہ افسوس ہوا کہ اتنا عرصہ قرآن کی خدمت کرنے والا آدمی ایسے کیسے پاگل بن سکتا ہے ساتھ ہی بندہ نے بھائی ادریس کو کہا کہ تمہارا کام ہے اسکو میرے پاس لانا اور میں انشاء اللہ اسکا مکمل علاج کرونگا تو بھائی ادریس صاحب اس کام کیلئے راضی ہو گئے اور بعد میں ایک مرتبہ اس بابا کو ساتھ لیکر بندہ کے گھر تشریف لائے۔

جب بندہ نے اسکا علاج شروع کیا تو مکمل تحقیق کرنے کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ کسی جادوگر نے اسکے ذہن کو مکمل کنٹرول کرنے کیلئے اسکو عمل کروایا ہے اور وہ جادوگر کراچی کے





علاقہ قائد آباد لانڈھی میں تھا۔ یہ قاری صاحب اُسکے پاس آتے جاتے رہتے تھے دونوں کی دوستی تھی۔اُس جادوگر نے دیکھا یہ بہت زیادہ نیک سیرت بندہ ہے اور 40 سال سے قرآن کی تعلیم دے رہا ہے تو جادوگر نے قاری صاحب کو ہمزاد سکھانے کا لالچ دیا اور بابا کو بتایا کے اس کے یہ یہ فوائد سامنے آئیں گے تو قاری صاحب نے اُس سے سیکھنا شروع کر دیا۔ جادوگر دو تین سال تک مختلف وظائف کراتا رہا اور ساتھ ساتھ اپنے کام قاری صاحب سے نکلواتا رہا اور عمل کرنے کے بعد جو چیز آئی تو خود جادوگر نے اسکو اپنے قبضہ میں کرلیا اور اُس قاری صاحب کو کچھ بھی نہیں دیا جسکی بناء پر یہ پاگل ہو گیا ہے۔کئی کئی ہفتوں تک نہ کھانا، نہ پینا، نہ غسل کرنا یعنی اپنا بالکل ہوش نہیں رہا۔

اس واقعہ سے یہ عبرت بھی اور سبق بھی ملا کہ جو شخص دین دار ہو اور خاص کر دین کے خاص شعبہ قرآن یا حدیث یا فقہ پڑھانے والا ہو اگر وہ دنیا داری میں پڑے گا تو اللہ اس کو دنیا

میں ضرور ذلیل کرینگے اور اُسے حاصل کچھ بھی نہیں ہوگا۔ اللہ ہم سب کی حفاظت فرمائے۔ (آمین)

بہرکیف، بندہ نے قاری صاحب کا علاج شروع کیا تقریباً تین ماہ کا وقت لگا الحمدللہ قاری صاحب بالکل ٹھیک ہوگئے اور ایسے ٹھیک ہوئے کہ ہمیشہ کیلئے بندہ کے خاص الخاص شاگرد بن گئے اور اب الحمدللہ مدرسہ محمودیہ جوکہ مولانا احمد مدنی شہید رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اس میں شعبہ قرأت کے استاد ہیں۔ قاری صاحب کا اسم گرامی حضرت قاری عنایت الرحمٰن صاحب ہے جب بندہ قاری صاحب کا علاج کررہا تھا تو قاری صاحب کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کو کہا اور ساتھ ہی اسم اعظم نکال کردیا۔

جب قاری صاحب کا علاج مکمل ہوا تو انہوں نے بندہ سے درود شریف کی کثرت کی اجازت مانگی اور کہا کہ مجھے مکمل درود شریف سکھائیں۔ بندہ نے اُنکو جو درود شریف بتلایا وہ یہ تھا:





اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

الحمدللہ قاری صاحب نے اس درود شریف کا تہجد میں تین ہزار اور باقی دن کے وقت دو ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنایا۔

آج اس واقعہ کو کئی سال گزر گئے ہیں اب تک انکا معمول روزانہ پانچ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ قاری صاحب کے والد صاحب جو کہ دارالعلوم کبیر والا کے قریب رہتے ہیں وہ بھی ایک مرتبہ بندہ کے پاس تشریف لائے اور کہنے لگے جب سے مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ میرا بیٹا ٹھیک ہوگیا ہے تو مجھے بھی درود شریف پڑھنے کا شوق پیدا ہوا ہے۔ آپ مجھے بھی درود شریف کی اجازت دیں اور آپ جتنا بھی پڑھنے کو کہیں گے میں پڑھوں گا تو بندہ نے قاری صاحب کے والد محترم کو دس ہزار مرتبہ پڑھنے کو کہا انہوں نے دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیا جبکہ انکی عمر 90 سال سے بھی متجاوز ہے۔ اب بھی اکثر اُن سے فون پہ بات ہوتی رہتی ہے تو بندہ سے بار بار یہی کہتے ہیں کہ میں نے جب

سے دس ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنایا ہے تو درود شریف کی برکت سے میرے بیٹھے بٹھائے سارے کام ہوجاتے ہیں اور میری صحت بھی ٹھیک ہے اور کہنے لگے کہ بفضلہ تعالیٰ درود شریف کی برکت سے جناب نبی کریم ﷺ کی زیارت بھی ہوگئی ہے اور حافظ صاحب میں ہر روز آپ کیلئے ڈھیروں دعائیں کرتا ہوں۔

بہرکیف، اللہ تعالیٰ کا مجھ پر اور میرے تمام دوست جو درود شریف پڑھتے اور پھیلاتے ہیں اتنا انعام ہے کہ بندہ بیان نہیں کرسکتا ہے۔بس اتنا ہی سمجھ لینا کافی ہے کہ حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ نے درود شریف کے فضائل میں یہ لکھا ہے کہ جو آدمی ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے وہ شخص زندگی میں کبھی پریشان نہیں ہوگا اگر کبھی کوئی پریشانی آئے گی بھی تو اللہ تعالیٰ درود شریف کی برکت سے اسکو جلد ہی ختم کردینگے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ہمیشہ اسکی اولاد اسکے موافق اور ٹھیک رہے گی۔





اللہ ہم کو کثرت سے درود شریف پڑھنے والا بنادے۔

(آمین)

☆ بندہ کے پاس ایک مرتبہ ایک صاحب کا فون آیا اور سلام دعا کے بعد انہوں نے اپنا تعارف کرتے ہوئے بتایا کہ میرا نام مفتی محمد رفیع ہے۔لندن سے بات کررہا ہوں اور یہیں پر ایک مدرسہ میں پڑھاتا ہوں اور بتایا کہ میں نے دارالعلوم کراچی پاکستان سے درسِ نظامی اور تخصص فی الفقہ کی تعلیم مکمل کی ہے اور بندہ کا حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب اور حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب سے بہت اچھا تعلق ہے اور اب بندہ آپ کی شاگردی اختیار کرکے عملیات سیکھنا چاہتا ہے تو بندہ نے اُن سے کہا کہ تم پاکستان آجاؤ اور میرے ساتھ 40 دن تک رہو لیکن شرط یہ ہے کہ میں چونکہ اکثر سفر پر رہتا ہوں تو تم میرے ساتھ رہنا اس دوران میرا جہاں کہیں بھی آنا جانا ہوگا اسکا تمام ترخرچہ تمہارے ذمہ ہوگا انہوں نے کہا بندہ کو یہ منظور ہے اور وہ پاکستان تشریف لے آئے تو بندہ نے

پہلے اُن سے تین دن میں سوا لاکھ مرتبہ درود شریف پھر تین دن میں سوا لاکھ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور پھر تین دن میں سوا لاکھ مرتبہ اسم اعظم کا عمل مکمل کروایا اس کے بعد اور بھی بہت کچھ 40 دن میں انکو سکھایا۔ جب وہ بندہ کے پاس تھے تو استاد محترم مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب نے بندہ اور مفتی محمد رفیع کی دار العلوم میں دعوت کی۔

دعوت کے دوران مفتی رفیع عثمانی صاحب نے بتایا کہ جب میں یورپ کے سفر پر جاتا ہوں تو یہ میرے ساتھ ہوتے ہیں اور ایک مرتبہ انہوں نے اپنے ہاں ایسی پر تکلف دعوت کی جو رات سے لیکر صبح تک جاری رہی جس میں اور چیزوں کے علاوہ صرف 22 قسم کے مشروبات تھے اور اسی دوران مفتی صاحب نے بھرے مجمع میں یہ کہا کہ اے محمد رفیع جب بھی تم پاکستان آکر پڑھانا چاہو تو دار العلوم کے دروازے تمہارے لئے کھلے ہیں اور مفتی کی مسند تمہارے لئے خالی ہے۔

خیر 40 دن میں مکمل کورس کر کے یہ لندن واپس چلے گئے





اور جاتے وقت بندہ سے یہ وعدہ کر کے گئے کہ حضرت ہر مہینے سو بندوں کو ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے پر لگاؤں گا۔

الحمدللہ آج لندن میں انکا اپنا مدرسہ ہے دوسرے دین کے کاموں کے ساتھ ساتھ علم عملیات کے ذریعہ سے خدمتِ خلق میں مصروف ہیں اور وعدہ کے مطابق ہر مہینے سو سے زائد آدمیوں کو ہزار مرتبہ درود شریف پر لگاتے ہیں۔

☆ ایک مرتبہ بندہ کے پاس ایک صاحب تشریف لائے جنکا نام محمد اشرف ہے انکے دو بیٹے عدنان اور سفیان اور ایک بیٹی ہے جو پٹیل پاڑہ میں رہتے ہیں۔ ان صاحب نے آکر کہا کہ حضرت ہم بہت زیادہ پریشان رہتے ہیں ایک تو اس وجہ سے کہ ہم سب بیمار رہتے ہیں اور دوسرا یہ کہ ہمارے گھر میں خود بخود آگ لگ جاتی ہے اور آگ کے شعلوں کی وجہ سے گھر کی چیزیں جل جاتی ہیں کبھی کپڑوں کو آگ لگ جاتی ہے تو کبھی بستر اور الماری وغیرہ کو آپ مہربانی فرما کر ہمارے گھر تشریف لا کر تمام صورت حال کا جائزہ لیکر ہمیں اس پریشانی

سے نجات دلوائیں۔

خیر بندہ جب انکے گھر پہنچا تو معلوم ہوا کہ کسی نے جادو کیا ہوا ہے۔ بندہ نے پڑھائی کی تو سب کی طبیعت بھی ٹھیک ہوگئی اور گھر کی صورت حال بھی جیسے ہی پڑھائی ختم کر کے باہر نکلا تو گھر کی پھر وہی پہلے والی حالت ہوگئی پھر وہی آگ کے شعلے بلند ہونا شروع ہوگئے اس کام کیلئے 5 سے 6 دفعہ انکے گھر جانا پڑا لیکن پھر وہی معاملہ بن جاتا کہ جیسے پڑھائی کرتا تو سب بہتر ہو جاتا اور میرے وہاں سے آنے کے بعد پھر وہی حالت گھر کی ہو جاتی تو بندہ نے بھائی اشرف سے کہا کہ تم لوگ دو ماہ کیلئے یہ مکان چھوڑ دو تو وہ سب اپنا سامان لیکر دوسری جگہ منتقل ہوگئے اب بندہ نے انکا علاج شروع کیا اور ہر ایک کا اسم اعظم نکال کر انکو پابندی سے پڑھنے کو دیا اور ساتھ منزل یعنی 33 آیات قرآنیہ بھی پڑھنے کو کہا اور سب کو کثرت سے درود شریف پڑھنے کو کہا اور ادھر بندہ نے اپنا کام شروع کر دیا۔

الحمدللہ دو ماہ کے مختصر عرصہ میں تمام حالات بالکل درست





ہوگئے اور درود شریف کی برکت سے تمام پریشانیاں ختم ہوگئیں اور بندہ نے اُن سے وعدہ لیا کہ پابندی سے روزانہ کم از کم ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ درود شریف کی برکت کی وجہ سے آج انکا گھرانہ ایک مکمل دین دار گھرانہ بن چکا ہے اور بھائی اشرف صاحب نے مکمل شرعی داڑھی رکھ لی ہے اور پابندی کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔

اس واقعہ کے بعد بھائی اشرف صاحب بندہ کے خاص دوست بن گئے اور بندہ جب سفر سے کراچی واپس پہنچتا ہے تو ضرور ملاقات کرنے آتے ہیں۔

☆ کوئٹہ شہر میں جو سب سے بڑا تبلیغی مرکز ہے وہاں کے بڑے اساتذہ میں سے ایک استاد ہیں جنکا نام ہے مولانا نعمان صاحب بندہ کے بہت اچھے دوست ہیں۔ بندہ جب بھی کوئٹہ جاتا ہے تو بندہ کے مختلف جگہوں پر بیان کرواتے ہیں۔ مولانا نعمان صاحب روزانہ اپنی نگرانی میں ڈیڑھ لاکھ مرتبہ درود پڑھانے کا اہتمام کرواتے ہیں اور انکا اپنا روزانہ کا

معمول 3 سے 5 ہزار بار درود شریف پڑھنے کا ہے۔ ایک دفعہ انہوں نے بندہ کو بتایا کہ جب سے درود شریف کا اہتمام شروع کیا ہے تب سے مدرسہ میں تدریس کے ساتھ ساتھ اللہ نے اپنا کاروبار شروع کرادیا ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ بندہ اب کئی خاندانوں کی پرورش بھی کر رہا ہے اور مدرسہ سے تنخواہ لینا بھی چھوڑ دیا ہے اور اب اس کوشش میں ہوں کہ اب تک جو مدرسہ سے دس پندرہ سال تنخواہ لی ہے وہ سب پیسے مدرسہ کو واپس کر دوں۔ یہ سب درود شریف کے اہتمام کی برکت ہے۔

☆ اسی طرح کوئٹہ میں دو طالبعلم ہیں مولانا حسین اور مولانا حمید اللہ صاحب ان دونوں حضرات کا روزانہ دس ہزار بار درود شریف پڑھنے کا معمول ہے۔

دونوں بندہ کے شاگرد ہیں اور حضرت پیر ذوالفقار احمد نقشبندی صاحب دامت برکاتہم العالیہ سے بیعت ہیں۔ نہایت شریف اور متقی انسان ہیں۔ ان دونوں نے بندہ سے وعدہ کیا ہے کہ جب تک زندہ رہیں گے انشاءاللہ دس ہزار بار کا





معمول رہے گا۔

☆ ایک مرتبہ بندہ کے پاس اندرون سندھ ماتلی شہر سے ایک طالب علم آیا اور بتلایا کہ میرا بہنوئی بہت بیمار ہے اسکی بیماری ڈاکٹروں کی سمجھ سے باہر ہے اور بہنوئی شہر کے بااثر افراد میں سے ہیں آپ مہربانی کر کے میرے ساتھ چلیں اور انکا علاج کریں تو بندہ طالب علم کے ساتھ ماتلی شہر کی طرف چل دیا اور اسکے بہنوئی کے گھر پہنچے تو اس کو گھر میں لیٹا ہوا پایا اور وہ بہت بیمار تھا چلنا پھرنا بھی اسکا بالکل بند تھا بندہ نے جب اس کی تشخیص کی تو پتہ چلا کہ اس کو کسی نے کوئی چیز کھلا دی ہے جس میں جادو کے اثرات تھے اور اسکی وجہ سے اسکا پورا جسم متاثر تھا اس کے جسم کا خون بھی خراب ہو گیا تھا۔

بہرحال بندہ نے اس کا اور اس کے پورے گھر کا مکمل حصار کھینچا اور معوذتین گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا اور پانی پر مختلف چیزوں کو دم کر کے نہانے اور پینے کیلئے دیا اور شہد کلونجی اور زم زم کا پانی پڑھ کر دیا۔ الحمدللہ وہ ایک ماہ میں مکمل ٹھیک

ہوگیا اور آج تک ٹھیک ہے اور اسکا رشتہ دار طالب علم میرا شاگرد بن چکا ہے اور بندہ نے اسے دو سال میں مکمل عملیات سکھا کر اس کو ہر طرح سے اجازت دی ہے کہ وہ اپنے علاقہ میں کام کرے آج الحمدللہ سینکڑوں لوگوں کو اس سے فائدہ پہنچ رہا ہے۔ان کا نام مولانا عبدالرحمٰن صاحب ہے۔

☆ اعظم بلوچ صاحب سابقہ چیف سیکریٹری بلوچستان انکا کوئی خاص مسئلہ تھا انہوں نے اپنے مسئلہ کے حل کیلئے بندہ کی اپنے گھر پر دعوت کی اور مسئلہ ذکر کیا۔ بندہ نے انکے علاج کے ساتھ ساتھ ان کو درود شریف پڑھنے کو دیا۔ الحمدللہ چند دنوں میں ہی اللہ نے انکو درود شریف کی برکت سے اُس پریشانی سے نجات دے دی۔ آج یہ درود شریف انکی زندگی کا ایک جزء لازم بن چکا ہے۔

بفضلہٖ تعالیٰ انکا روزانہ کا معمول 5000 بار درود شریف پڑھنے کا ہے چونکہ اعظم بلوچ صاحب سابقہ چیف سیکریٹری بلوچستان ہیں تو لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد انکی ملنے والی





ہے تو یہ اپنے ہر ملنے والے کو درود شریف کی فضائل و برکات سنا کر انکو درود شریف پڑھنے کو کہتے ہیں اور اُن لوگوں کو درود شریف کی وہ برکات اور ثمرات جو اُن کی زندگی میں رونما ہوئے اُن سے آگاہ کرتے ہیں۔ الحمدللہ بہت سے لوگ بھائی اعظم صاحب کی وجہ سے درود شریف پر لگ چکے ہیں۔

## لفظ محمد کے فوائد

① معتبر کتابوں میں لکھا ہے کہ قیامت کے دن حکم ہوگا جنکے نام محمد ہیں وہ سب ایک طرف جمع ہو جاؤ پھر حکم ہوگا سب کے سب جنت میں داخل ہو جاؤ۔ پوچھا جائے گا یہ کس وجہ سے ہوا تو جواب ملے گا کہ محمد ﷺ کے نام پر نام رکھنے کی وجہ سے۔
بس نام محمد رکھنے کی وجہ سے جنت میں داخلہ مل جائے گا۔

② جس شخص کی بیوی کا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وہ اپنی بیوی کے پیٹ پر شہادت کی انگلی سے باوضو ہو کر لفظ محمد ﷺ لکھے اور اس حمل سے پیدا ہونے والے بچے کا نام محمد رکھنے کا عہد کرے تو وہ حمل ضائع نہیں ہوگا۔

③ لفظ محمد ﷺ جب بھی بولا یا سنا جاتا ہے تو ایک دفعہ درود بھیجنا ہر اس شخص پر واجب ہو جاتا ہے جو سنتا ہے یا بولتا ہے۔
جب وہ درود شریف پڑھتا ہے تو دس نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں دس گناہ معاف ہوتے ہیں اور دس درجات بلند ہوتے ہیں۔





④ جو بچہ کند ذہن ہو تو اس کے لئے بادام پر سو دفعہ لفظ محمد ﷺ پڑھ کر دم کر کے 41 دن تک کھلائیں اور سو دفعہ صبح و شام اُس بچے کو پڑھنے کو کہیں انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

⑤ علامہ دمیری رحمۃ اللہ علیہ نے حیوۃ الحیوان میں لکھا ہے کہ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ایک کاغذ پر محمد رسول الله احمد رسول الله 35 مرتبہ لکھے اور کاغذ کو اپنے پاس رکھے اور روزانہ فجر کے بعد یا رات کو سوتے وقت اس کاغذ کو سامنے رکھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھے تو انشاء اللہ اس کو ضرور حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی اور ہر بگڑے کام بنتے چلے جائیں گے الحمدللہ میں نے اس کا کئی بار تجربہ کیا اور بہت فوائد حاصل کیئے۔

⑥ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ جو شخص مشک یا زعفران سے یا کسی اچھی روشنائی سے لفظ محمد کے تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور رات کو سوتے وقت تین سو مرتبہ لفظ محمد ﷺ پڑھے اس کو 41 فوائد حاصل ہونگے۔ سب

سے بڑھ کر یہ ہے کہ آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی اور دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی اور بھی فوائد حاصل ہونگے اور یہ نام بہت عظیم نام ہے اور اس کا نقش چار الفاظ سے بنتا ہے وہ یہ ہیں: م ح م د یعنی محمد

بے شک اللہ تعالیٰ اور فرشتے نبی (ﷺ) پر رحمت بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی ان پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو (تا کہ اُن کا حقِ عظمت ادا ہو)۔

درود وسلام پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

## درود پاک سے ہماری پریشانیوں کا حل

### روزی میں برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ
وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

جس شخص کو یہ خواہش ہو کہ اس کا مال بڑھ جائے وہ یہ درود پڑھا کرے۔ (فضائل درود شریف حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ)

### اولاد کو عزت ملنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ

جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ پابندی سے اس درود شریف کو پڑھے گا تو اس کی برکت سے اللہ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ ص164)





### ذاتی گھر کے حصول کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ

جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اس درود شریف کو 1000 مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود پاک جمعہ کے دن پابندی کے ساتھ ایک سال تک پڑھنے کے ساتھ ساتھ روزانہ 300 بار سورۃ الاخلاص کا ورد بھی کریں انشاء اللہ اللہ پاک ذاتی گھر کے اسباب پیدا کردیں گے۔

### قرض کی ادائیگی کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہونگی۔

① کبھی مقروض نہ ہوگا ② اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائیگا خواہ جتنا بھی قرض ہو ③ قیامت کے دن اس سے کوئی حساب نہ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ ص162)

## امتحان میں کامیابی کیلئے

رَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجَلَّھَا وَاقْضِ لِیْ بِجَاھِہٖ حَوَائِجِیْ کُلَّھَا وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَا اَنْتَ اَھْلُھَا

ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دعا کرے اور انٹرویو سے قبل 11 مرتبہ پڑھ کر سینے پر پھونک مارلے جوابات دینے میں آسانی ہوگی۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ یا فتاح یا علیم 21 بار ہر نماز کے بعد ورد کرے۔

## ناحق مقدمے سے نجات کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلٰوتِکَ شَیْءٌ وَّبَارِکْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ وَّارْحَمِ النَّبِیَّ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَّحْمَتِکَ شَیْءٌ وَّسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِکَ شَیْءٌ





جو شخص ناحق کسی مقدمے میں پھنس جائے یا بے قصور حاکمِ وقت قید کرے تو گھر والے روزانہ ایک سو بار پڑھ کر دعا کریں۔ مقدمے میں کامیابی کیلئے پڑھا جائے تو انتہائی آزمودہ ہے۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ روزانہ پابندی کے ساتھ ہزار مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ بھی پڑھتے رہیں۔

## خاوند بیوی کے ظلم اور تنگ دستی سے نجات کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرَقِ وَالْفُرْقَانِ وَالْجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْاٰنِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

خاوند بیوی پر ظلم کرتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو، بے ہودگی سے پیش آتا ہو۔ اولاد یا بیوی کے رشتہ داروں سے نفرت کرتا ہو یا بیوی خاوند پر ظلم کرتی ہو، بات نہ مانتی ہو اور روزی یا کاروبار میں نقصان ہو، محتاجی و تنگ دستی نے گھیرا ہوا ہو تو فجر و مغرب کی نماز

کے بعد 41بار پڑھ کر دعا کریں۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ **یا ودود کریم الله** 313مرتبہ پڑھتے رہیں۔

## پسندیدہ رشتہ کیلئے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَآءِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی
مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ

روزانہ تہجد کے وقت پڑھیں اور اگر تہجد کے وقت نہ اٹھ سکیں تو عشاء کے بعد 313بار مذکورہ درود پڑھ کر دعا کرے۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ **یا عزیز کریم الله** 313بار روزانہ پابندی سے پڑھتے رہیں۔

## بلڈ پریشر اور دل کی گھبراہٹ کیلئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ
الزَّکِیِّ صَلٰوةً تُحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَتُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ

فجر اور شام کی نماز کے بعد مذکورہ درود پاک 21مرتبہ پڑھ کر





پھونکیں اور پانی پر دم کر کے پیئیں۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ ساتھ سورۃ یٰس اس طرح پڑھیں کہ جب آیت **سلام قولا من رب الرحیم** پر پہنچیں تو اس آیت کو سو بار پڑھیں پھر سورۃ یٰس مکمل کر لیں اور پانی پر دم کر کے پیئیں۔

## سستی، نا اہلی اور نا اُمیدی کیلئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا
ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا سَهٰى عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ
وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

نماز فجر کے بعد 100 مرتبہ پڑھیں۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ آیۃ الکرسی 3بار اور سورۃ الاخلاص 10بار روزانہ پابندی سے پڑھتے رہیں۔

## ہر مشکل اور حاجت کیلئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ

درود شریف کو بسم اللہ کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھیں۔
(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ کلمہ طیبہ مع بسم اللہ کے ہزار مرتبہ اور اَلْمُعْطِیْ ھُوَاللہُ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت اور مشکل کیلئے نہایت عاجزی اور انکساری سے دعا کریں۔

## جن آسیب وموذی جانوروں سے حفاظت کیلئے

صَلَّی اللہُ سُبْحَانَہٗ وَبِحَمْدِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِہٖ وَرَسُوْلِہٖ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَمَا هُوَاَهْلُهٗ

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے والا جن، آسیب، بھوت، پریت اور موذی جانوروں سے حفاظت میں رہے گا۔ یہ عجیب حفاظتی حصار کی طاقت کا درود شریف ہے۔
(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف کے ساتھ آیۃ الکرسی 3 بار اور سورۃ الاخلاص 11 بار پڑھنے کا اہتمام بھی کریں۔





## زراعت اور باغات کی بیماریوں سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ وَ بِعَدَدِ اَقْطَارِ الْاَمْطَارِ وَبِعَدَدِ دَوَابِّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

فصل کاشت کرنے سے پہلے اور باغات میں پھل آنے سے پہلے مذکورہ درود شریف 313 بار پڑھ کر پانی یا ریت پر دم کر کے کھیت اور باغات کے پیڑوں میں چھڑک دیں اور وقفہ وقفہ سے چھڑکتے رہیں نیز روزانہ 11 بار پڑھ کر دعا بھی کرتے رہیں۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف والا عمل کرتے وقت سورۃ یٰس گیارہ بار اور منزل گیارہ بار ساتھ پڑھ لیں۔

## مچھلی اور شہد کے فارمولوں کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ وَ بِعَدَدِ اَقْطَارِ الْاَمْطَارِ وَبِعَدَدِ دَوَابِّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

اس درود شریف کو 313 مرتبہ پڑھ کر جانوروں کی غذا اور پانی پر دم کر کے ڈالے اور کچھ پانی ان پر چھڑک بھی دے۔

انشاء اللہ وبائی امراض سے حفاظت ہوگی۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ)

نوٹ: مذکورہ بالا درود شریف والا عمل کرتے وقت سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 40 بار ساتھ پڑھ لیں۔

## ہر درد کی دوا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

ہر درد اور بیماری دور کرنے کیلئے اول آخر مذکورہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ پڑھ کر دم کریں۔ (ذریعۃ الوصول الی جناب الرسولؐ ص 162)

## ہر حاجت کی تکمیل کیلئے

مدینہ منورہ میں ایک متبع سنت سید بزرگ کو حضور اقدس رحمۃ للعالمین ﷺ کی زیارت ہوئی آپ ﷺ نے فرمایا:





میرے محبوب حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے وظیفہ (درود تنجینا) کو خوب پھیلائیں۔ خصوصاً پاکستان میں جو حالات ہیں اس کیلئے خصوصی اہتمام سے یہ وظیفہ پڑھیں پھر فرمایا عزیز الرحمٰن ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ سے کہیں اس وظیفہ کو اپنے حلقہ اور عوام میں پھیلائیں۔

☆ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ آفات سے حفاظت کیلئے یہ وظیفہ روزانہ بعد عشاء 70 بار پڑھنے کو فرمایا کرتے تھے۔ (مکتوبات شیخ الاسلام ص 95)

☆ شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ایک صالح بزرگ حضرت موسیٰ ضریر رحمۃ اللہ علیہ کا قصہ ''فضائل درود شریف'' میں تحریر فرمایا ہے وہ فرماتے ہیں ایک جہاز ڈوبنے لگا اور میں اس میں موجود تھا اس وقت مجھ کو غنودگی سی ہوئی اس حالت میں رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو یہ درود (تنجینا) تعلیم فرمایا کہ جہاز والے اس کو پڑھیں جس کے پڑھنے سے جہاز ڈوبنے سے بچ گیا۔

☆ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''زاد السعید'' میں اور انکے خلیفہ ڈاکٹر عبدالحئی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''اسوۂ رسول اکرم'' صلی اللہ علیہ وسلم میں اس درود شریف کو یوں ہی لکھا ہے۔
نیز فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کا کثرت سے پڑھنا اور مکان میں چسپاں کرنا تمام امراض وبائیہ، ہیضہ وطاعون وغیرہ سے حفاظت کیلئے مفید اور مجرب ہے اور قلب کو عجیب وغریب اطمینان بخشتا ہے اس کی برکات بے شمار ہیں۔
☆ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر بزرگوں کے بھی مجربات میں سے ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ





## بے شمار فضائل وبرکات والے چند درود شریف

### قرب خاص کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

